اکسیری نسخے
مرتب: حکیم حبیب اشعر
اعجاز پبلشنگ ہاؤس ۲۰۶، دریا گنج نئی دہلی ۲

تیر بہدف، کراماتی اثرات کے حامل سینکڑوں مرتبہ کے آزمودہ نسخہ جات کا لاثانی شاہکار

اکسیری نسخے

مرتب اول

حکیم حبیب احمد خاں اشعر دہلوی

نواسہ، مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاںؒ

ترتیب جدید و نظر ثانی

حکیم حافظ طاہر محمود بٹ

فاضل الطب والجراحت

ناشر

اعجاز پبلشنگ ہاؤس

۲۰۶۰ کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی ۲

فہرست مضامین

متفرق نسخہ جات

عرض مرتب

منظور ہے گذارش احوال واقعی
اپنا بیان حسن طبیعت نہیں مجھے

طب قدیم و جدید کے باہمی تصادم سے طب قدیم کو جس قدر نقصان عظیم برداشت کرنے پڑے ہیں وہ ہر کہ و مہ پر ظاہرو ہویدا ہیں۔ وہ تو یوں کہئے کہ پروردگار عالم نے طب یونانی کی بقاء و احیاء کے لئے مسیح الملک جناب حکیم حافظ محمد اجمل خاں مرحوم جیسی ذات گرامی کو برصغیر میں پیدا کر دیا ورنہ یہاں سے اس کا وجود کبھی کا مٹ چکا ہوتا۔ مسیح الملک مرحوم کا پورے برصغیر کو شکرگزار ہونا چاہئے کہ ذات والا صفات نے نہ صرف طب یونانی کو زندہ کر دیا بلکہ طب جدید (ڈاکٹری) کے دوش بدوش لا کر کھڑا کر دیا اور آج بھی جب کہ قدرت نے مسیح الملک کو ہمارے ہاتھوں سے چھین لیا ہے اسی قوم کے محسن اعظم کا خاندان طب یونانی کی مزید ترقیوں میں کوشاں ہے اور انشاء اللہ اب وہ دن دور نہیں جب کہ طب یونانی خدا کے لفضل و کرم اور خاندان شریفی کے مخلص اطباء کی مساعی جمیل اور لگاتار کوششوں کی بدولت طب جدید سے کوسوں دور نکل جائے گی۔

مجھے یہ دیکھ کر بڑی مسرت ہوئی تھی کہ مارکیٹ میں طب قدیم کے نسخوں کے چھوٹے چھوٹے مجموعے علی التواتر شائع کئے جا رہے ہیں۔ یہ چیز جہاں عوام کے فوائد اور آسانی کا ذریعہ تھی وہاں طب یونانی کی بھی بہت بڑی خدمت تھی لیکن میں نے جب ان مجموعوں کے نسخوں کا مطالعہ کیا تو انتہائی صدمہ ہوا کہ کوئی نسخہ ایسا نہیں جس کے اجزا یا اوزان میں کمی بیشی نہ ہو۔ لکھائی چھپائی بھی نہایت ناقص۔ مختصر یہ کہ تمام مجموعے بغیر کسی حیثیت سے ترمیم و تنسیخ کے محتاج ثابت ہوئے۔

مندرجہ بالا نقائص کو مدنظر رکھتے ہوئے میرے دل میں یہ خیال آیا کہ اہل طب قدیم کی مسلمہ کتب اور اطبائے حاذقین کی مستند بیاضوں میں سے چند سہل الحصول نسخے ایک مجموعہ کی صورت میں مرتب کروں جس سے عوام اور طب یونانی کی حقیقی خدمت ہو سکے چنانچہ بفضل خدا میرا ارادہ عملی جامہ پہن کر آج میرے اور آپ کے سامنے ہے۔ آپ اس کو ملاحظہ فرمائیں اور اس کے نسخوں کو استعمال فرما کر اندازہ لگائیں کہ میرا بیان کس حد

تک صداقت پر مبنی ہے۔

اس مجموعے کی ترتیب میں میں نے جن کتابوں سے مدد لی ہے نامناسب نہ ہو گا کہ اگر ان کا مختصر سا تذکرہ کر دیا جائے۔ اس لئے نہیں کہ میں آپ پر اپنی قابلیت اور وسعت مطالعہ کی دھاک بٹھانی چاہتا ہوں بلکہ اس واسطے کہ آپ یہ دیکھ کر مطمئن ہو جائیں کہ یہ مجموعہ یونانی کی مسلمہ و معتبر کتب کے نسخوں سے تیار ہوا ہے۔

(1) قانون شیخ بو علی سینا کامل۔
(2) قرابادین قادری۔
(3) ضیاء الابصار فی حد الباہ۔
(4) رسالہ آتشک فارسی۔
(5) علاج الامراض۔
(6) خازن التعلیم فارسی۔
(7) اکسیر اعظم ہر چہار جلد۔
(8) ترجمہ ذخیرہ خوارزم شاہی کامل وغیرہ۔

کتب مذکورہ کے علاوہ الحکیم لاہور، ہمدرد صحت، دہلی اور اجمل میگزین دہلی کے شائع شدہ تجربات بھی جو میرے نزدیک معیار صحت پر پورے اترے ہیں درج کئے گئے ہیں۔ کتاب کے آخر میں "اوزان طبی" کے عنوان سے ایک مختصر سی اوزان طبی کی تشریح کی دی گئی ہے۔ جن کے اردو میں کوئی مستقل نام نہیں اور اگر ہیں بھی تو مشہور نہیں چکن کیا کیا جائے صفحات کی قلت قلم روکے لیتی ہے لیکن خیر میں اس کی تلافی آئندہ اس صورت میں کروں گا کہ ایک چھوٹی سی کتاب (جس کو رسالہ کہا جائے تو زیادہ بہتر ہو گا) امراض غیر معروف کی تشریح میں لکھ دوں گا۔ اس کے علاوہ یہ بھی خیال ہے کہ ان مفرد دوائیوں کے متعلق بھی ایک کتاب لکھوں جن کے نام عربی کے ہیں اور نسخوں میں وہ عربی نام ہی مستعمل ہیں۔ نہ معلوم ارادے تو کیا کیا ہیں۔ اگر خدا پورے کرا دے۔ فی الحال جو چیز میں پیش کر رہا ہوں اس کی مقبولیت اور پسندیدگی ہی میری ہمت بڑھا سکتی ہے۔

حکیم حبیب اشعر
12 دسمبر 1937ء
دہلی

(الف)

ھوالشافی

(1) اطریفل کبیر

بدہضمی برودت معدہ اور برودت امعاء کو خاص کر مفید ہے۔ استرخائے معدہ و مثانہ کو بھی فائدہ کرتا ہے۔ باہ کو زیادہ کرتا ہے۔

ہلیلہ سیاہ' مقشر بہیڑہ' آملہ' تخم کرفس' کوی چیت لکڑی ہر ایک 6 درم۔ اجوائن صعتر فارسی ہر ایک ایک اوقیہ سنبل الطیب' حماما' الائچی خورد' وج ترکی ہر ایک 3 درم' دارچینی 4 درم' فلفل سیاہ' فلفل سفید' نارمشک' نمک ہندی ہر ایک نصف اوقیہ خبث الحدید 3 اوقیہ' فرفل ڈیڑھ اوقیہ۔

نوشادر نصف درم کوٹ چھان کر روغن بادام میں لت کر کے شہد کف گرفتہ سے معجون بنائیں۔ شہد کا وزن ادویہ سے سہ گنا ہونا چاہئے۔ بوقت حاجت استعمال کریں۔

مقدار خوراک :۔ 1 تولہ تنقیہ دماغ کے لئے بہترین ہے۔

(ت)

ھوالشافی

(2) تریاق اربعہ

زہردار جانور مثلاً سانپ بچھو وغیرہ کے کاٹنے کو بہت مفید ہے۔ ریاح کو توڑتا ہے۔

جنطیانا' حب الغار' زراوند طویل ہر ایک 5 تولہ۔

کوٹ چھان کر شہد میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ 4 ماشہ گرم پانی کے ساتھ۔

(3) تریاق الطین

طین المختوم تریاق ہے۔ اگر زہر خوردہ شخص کو استعمال کرایا جائے تو جب تک کہ تمام زہر خارج نہ ہو جائے گا قے بند نہ ہو گی۔ اور اگر اس کے استعمال کے بعد قے نہ آئے تو سمجھ لینا چاہئے کہ زہر نہیں کھایا۔

گل مختوم' حب الغار' ابرسا' بالسا ہم وزن کوٹ کر گائے کے گھی میں چرب کریں اور شہد خالص ملا دیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک دانق کھانا کھانے سے پیشتر اور اگر کھانا کھانے کے بعد بھی استعمال کریں تو کوئی حرج نہیں۔

(ج)

(4) جوارش بسباسہ

ریحی بواسیر کو فائدہ کرتی ہے۔ معدہ کی سردی کو بھی نافع ہے۔ قوت ہاضمہ میں اضافہ کرتی ہے۔

بسباسہ 1 درم۔ قرفہ 1 درم۔ قاقلہ صغار 1 درم۔ زنجبیل 1 درم۔ دارچینی 1 درم۔ اناردان 1 درم۔ قاقلہ کبار 3 درم۔ فلفل 2 درم۔ قرنفل ڈیڑھ درم۔ قند سفید 20 درم۔

سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص میں معجون بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ 1 مثقال۔

(5) جوارش کافور

معدہ اور جگر کی کمزوری کو بہت مفید ہے۔ ریاح غلیظ کو خارج کرتی ہے اور غذا کے جلد ہضم ہونے میں مدد کرتی ہے۔

کافور' زعفران' الائچی خورد' الائچی کلاں' خیربوا' کبابہ' کاشم' قرفہ' قرنفل' اشنہ' سنبل الطیب' بسباسہ' صندل سفید' فلفل' دار فلفل' فلفل موئیہ' نارمشک' خولنجان' مصطگی' جوزبوا' زنجبیل سعد کوفی۔

یہ سب دوائیں ہم وزن لے کر شکر سفید ان سب دواؤں کے برابر ملا کر جوارش تیار کریں۔

مقدار خوراک: بوقت ضرورت 3 تا 5 ماشہ استعمال کرائیں۔

(6) جوارش بلادر

یہ جوارش حکمائے قدیم کی تالیف میں سے ہے لیکن بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ نسخہ بذریعہ وحی حضرت سلیمان علیہ السلام پر نازل ہوا تھا۔ باہ کو تقویت دیتی ہے۔ پرانے درد کے لئے مفید ہے۔ نسیان کو بھی فائدہ کرتی ہے۔ چہرے کے رنگ کو نکھارتی ہے۔

فلفل 4 درم۔ دار فلفل 4 درم۔ ہلیلہ سیاہ 4 درم۔ پوست ہلیلہ 4 درم۔ آملہ منقی 4 درم۔ جند بید ستر 4 درم۔ قسط تلخ 12 درم۔ بلادر 12 درم۔ برنج کابلی 12 درم۔ نبات سفید 12 درم۔ حب الغار 12 درم۔ سعد کوفی 8 درم۔

بالچھڑ کو علیحدہ اور باقی دواؤں کو علیحدہ کوٹ کر رکھ لیں اور مسکہ گاؤ اور عسل کف گرفتہ کو جوش دیں۔ جب قوام آ جائے تو تمام دواؤں کو اس میں ملا دیں اور معجون تیار کریں۔

طریقہ استعمال: چھ مہینہ کے بعد اس معجون میں سے دو درم لے کر مطبوخ کرفس اور رازیانہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

نوٹ: دوران استعمال میں غم و غصہ' شراب نوشی کی زیادتی' مجامعت اور گوشت کھانے سے پرہیز کریں۔

(7) جوارش جالینوس

اس جوارش کی تمام خوبیاں بیان کرنا دریا کو کوزہ میں بند کرنا ہے۔ مختصراً یوں سمجھ لیجئے کہ تمام اعضائے بدنی کو قوت دیتی ہے۔ بوئے دہن کو دور کرتی ہے اور منہ کو خوشبودار بناتی ہے اور اس پیشاب کو جو سردی کی وجہ سے زیادہ مقدار میں آتا ہے روکتی ہے۔ قوت باہ میں اضافہ کرتی ہے۔ دیوانگی اور وحشت کو دور کرتی ہے۔ درد سر' بلغمی کھانسی' بواسیر نقرس اور مثانہ کو نفع پہنچاتی ہے۔ بالوں کی سیاہی قائم رکھتی ہے۔ کہتے ہیں کہ جو کوئی اس جوارش کو بیس روز تک علی التواتر استعمال کرتا ہے وہ امراض مذکورہ سے محفوظ رہتا ہے۔

سنبل الطیب' سلیخہ' دارچینی' خولنجان' قرنفل' سعد' زنجبیل' فلفل سیاہ' دار فلفل' قسط بحری' عود بلسان' اسارون' تخم مورد' قصب الذریرہ' زعفران ہر ایک 2 درم۔
مصطگی 2 درم قند سفید ہم وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر دو گنے شہد میں ملائیں اور جوارش بطریق معمول تیار کریں۔

مقدار خوراک: دو مثقال سے لے کر تین مثقال تک کھانا کھانے سے پیشتر استعمال کریں۔

(ح)

(8) حب برائے زخم زبان

زبان کے زخم کو مندمل کرنے میں مجرب ہے۔

آرد گرسنہ' آرد عدس' جو سوختہ' گلنار' گاؤزبان' برگ حنا' شاہترہ' طباشیر' نشاستہ' گل نیلوفر ہر ایک ایک ماشہ۔ بہد سوختہ' یشب سودہ' زہرمہرہ خطائی سودہ ہر ایک دو ماشہ۔ صمغ عربی 3 ماشہ۔ کتھا' تخم خرفہ' دم الاخوین' چوب چینی ہر ایک 2 ماشہ۔ انزروت مدبر 1

ماشہ۔

ترکیب استعمال: کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں گولی منہ میں رکھیں۔

(9) حب جالینوس

آنکھ اور سر کے درد کے لئے بدن سے غلیظ فضلوں کو خارج کرتی ہے۔

صبر سقوطری' عصارہ افسنتین' مصطگی ہر ایک ایک مثقال۔ سقمونیائے مشوی نیم درم شحم حنظل نیم درم کوٹ چھان کر آب کرفس میں گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: 1 مثقال۔

(10) حب اوجاع

ذیل کی گولیاں کمر کے نچلے حصے کے تمام جوڑوں کے درد کے لئے مفید ثابت ہوئی ہیں۔

سفوف پھٹکری بریاں 1 تولہ۔ سفوف سورنجان شیریں 5 تولہ۔
لعاب صمغ کی مدد سے گولیاں چھوٹے بیر کے برابر تیار کریں۔

مقدار خوراک: ہر غذا کے بعد ایک گولی پانی کے ساتھ کھلائیں۔ خالی معدہ کی حالت میں نقصان کرتی ہیں۔

(11) حب نزلہ

حکیم محمد باقر مرحوم و مغفور کا مایہ ناز نسخہ ہے۔ ہر قسم کے نزلہ کو فائدہ دیتا ہے۔

زعفران' بزر البنج' افیون' صمغ عربی' تخم کاہو' رب السوس' نشاستہ ہر ایک 5 تولہ۔
ان سب دواؤں کو کوٹ چھان کر پانی سے نخودی گولیاں بنائیں

مقدار خوراک: صبح و شام ایک تا دو گولی استعمال کرائیں۔

(12) حب ہندی

شدید کھانسی کو کہ جس کی کثرت سے غذا قے کے ذریعہ سے خارج ہو جاتی ہے اور اطباء جس کے علاج سے عاجز ہیں میں فائدہ دیتی ہے۔ دمہ کے لئے بھی مفید ہے۔

فلفل 3 درم۔ دار فلفل 6 درم۔ انار دانہ 12 درم۔ قند سیاہ 24 درم۔ جواکھار ڈیڑھ درم۔

مقدار خوراک: دواؤں کو کوٹ چھان کر قند سیاہ میں ملا کر نخودی گولیاں تیار کریں ایک ایک گولی وقتاً سے چوستے رہیں۔

حب سعال (13)

گرم کھانسی کو نافع ہے۔ نشاستہ، کتھا، رب السوس ہم وزن لے کر پیس لیں عصارہ کاہو میں نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ہر دو، تین گھنٹے کے وقفہ سے استعمال میں لائیں۔

حب سعال نزلی (14)

نزلہ کو روکتی ہیں۔ کھانسی جو نزلہ کی وجہ سے ہو اس کو شفا بخشتی ہیں۔ سر کے درد کو مفید ہیں۔ دماغ کو قوت دیتی ہیں۔

تخم خشخاش سفید، تخم خشخاش سیاہ، پوست خشخاش، مغز بادام، مغز پیٹھا، مغز تخم بالنگا، تخم کاہو، گوند کتیرا، نشاستہ، گل ارمنی تمام چیزیں ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر لعاب اسپغول سے گولیاں چنے کے برابر بنائیں۔

مقدار خوراک: دو تین گولیاں رات کو سوتے وقت منہ میں رکھ کر چوسیں۔ صبح یا دوسرے اوقات میں بھی جب ضرورت ہو استعمال کر سکتے ہیں۔

حب سعال خشک (15)

خشک کھانسی کے واسطے مجرب ہیں۔ دماغ کو قوت دیتی ہیں۔ نزلہ زکام کو روکتی ہیں۔ پھیپھڑوں کو قوت دیتی ہیں۔

مغز پیٹھا، مغز تخم خیارین، مغز تخم کدو ہر ایک 3 ماشہ۔ رب السوس 6 ماشہ۔ حب الآس، گوند کتیرا، تخم خشخاش، تخم کاہو ہر ایک 3 ماشہ۔ افیون 1 ماشہ کوٹ چھان کر لعاب بہیدانہ سے چنے کی برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: سوتے وقت یا جس وقت ضرورت ہو ایک دو گولی منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔ اس کے بعد پانی کا استعمال کچھ دیر تک نہ کریں۔ بہت مفید ہے۔

حب سعال بلغمی (16)

بلغمی کھانسی کے لئے مفید ہیں۔ ورم کی شکایت کو رفع کرتی ہیں۔ بلغم کی پیدائش کو روکتی ہیں اور پھیپھڑوں کو قوت دیتی ہیں۔

پیپل کلاں، لونگ، پوست بلیلہ کابلی ہر ایک 6 ماشہ۔ گل پستہ، کتھا سفید، پوست خشخاش ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر آب برگ تنبول سبز سے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: دو گولیاں رات کے وقت تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

پرہیز: ترشی اور بادی اشیاء سے ضروری ہے۔

حب سعال بلغمی (17)

بلغمی کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔ نزلہ کو روکتی ہے۔ دماغ کو قوت دیتی ہے۔ درد سر جو نزلہ کی وجہ سے ہو اس کو رفع کرتی ہے۔

گل پستہ، مرچ، رب السوس، غاریقون، جند بید ستر، افیون ہر ایک 3 ماشہ۔ ادرک کے پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی رات کو سوتے وقت منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔ انشاء اللہ شکایت رفع ہو جائے گی۔

حب سعال مزمن (18)

پرانی کھانسی کے لئے خواہ وہ خشک ہو یا بلغمی مفید ہے۔

کاکڑا سنگی، زنجبیل، صمغ عربی ہر ایک 2 ماشہ۔ کتھا سفید، جدوار خطائی دونوں تین تین ماشہ۔ زعفران 1 ماشہ۔ رب السوس ولائتی 3 ماشہ۔ زرنباد 2 ماشہ۔ بہارنگا 2 ماشہ۔ شکر تیغال 3 ماشہ۔ افیون 1 ماشہ۔

تمام چیزوں کو کوٹ چھان کر گاؤزباں کے لعاب سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں

مقدار خوراک: ایک صبح اور ایک گولی شام کو سوتے وقت منہ میں رکھیں۔

حب سعال برائے نفث الدم (19)

کھانسی کے لئے بہت مفید ہے۔ خون آنے کو روکتی ہے۔ پھیپھڑے کے زخم کو بھرتی ہے۔

رب السوس 6 ماشہ۔ شکر تیغال 1 تولہ۔ گوند کیکر 1 تولہ۔ صندروس 6 ماشہ۔ مغز حب المحلب 6 ماشہ۔ آرد باقلا 9 ماشہ۔ کہربائے شمعی، دم الاخوین، گل ارمنی، مغز کدو ہر ایک 6 ماشہ۔ مغز بادام، تخم کاہو، نری السک، عصارہ ریوند، افیون۔ تمام چیزوں کو کوٹ چھان کر لعاب خطمی سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں۔

مقدار خوراک: دو گولیاں شام کو ہمراہ بدرقہ۔

حب مصطگی (20)

نزلہ زکام اور سیلان منی کے لئے نافع ہے۔

مصطگی 1 ماشہ۔ زعفران 1 ماشہ۔ افیون مصری 4 ماشہ۔ فلفل کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی تک صبح اور رات کے وقت۔

(21) حب ممسک

امساک منی میں بے نظیر ہے۔
جوزبوا' شقرف' عقر قرحا' افیون ہر ایک ایک درم۔ ان تمام ادویات کو کوٹ چھان کر شہد کی مدد سے بیں گولیاں بنالیں۔
ترکیب استعمال :۔ عشا سے پہلے ایک گولی کھا کر اوپر سے پان کا بیڑہ (صرف کتھا لگا ہوا پان) کھلا دیں۔

(22) حب ملذذ و ممسک

حکیم صادق علی خاں مرحوم جد امجد مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں مرحوم کا بے نظیر نسخہ ہے۔ امساک اور لذت بے حد پیدا کرتا ہے۔
عاقر قرحا' جوزبوا' میویزج ہر ایک 6 ماشہ۔ بچھناگ مدبر 3 ماشہ۔ قرنفل' دارچینی' خراطین خشک ہر ایک 6 ماشہ۔ منسل 4 ماشہ۔ چوب اگر 6 ماشہ۔ بیخ کنیر سفید 9 ماشہ۔ بیر بہوٹی 6 ماشہ۔ کافور 3 ماشہ۔ مشک 3 ماشہ۔ پان 100 عدد تمام دواؤں کو چودہ پہر تک دو آتشہ شراب میں حل کریں اور نخودی گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال : 1 تا 2 گولی پیس کر لعاب دہن میں ملا کر جماع سے دس منٹ قبل عضو تناسل پر لیپ کریں۔

(23) حب یاقوت

معدہ اور قلب کو تقویت دیتی ہے۔ پیاس کو دور کرتی ہے اور دستوں کو روکتی ہے۔ ہزارہا مرتبہ کی آزمودہ ہے۔ یاقوت سرخ' مروارید' زہرہ مہرہ' کہربا' لعل بدخشانی' یشب سفید' کافور ہر ایک ایک درم' صمغ عربی' طباشیر' پوست خشخاش' گل گاؤزبان' صندل سفید' گل ارمنی ہر ایک ایک مثقال زعفران ایک دانگ' لعاب بیدانہ میں مونگ برابر گولیاں بنالیں۔
مقدار خوراک :۔ 1 تا 2 گولی صبح و شام ہمراہ عرق گلاب 6 تولہ۔

(24) حب مقوی

تقویت باہ اور امتلائے رکیمہ کے واسطے مجرب ہے۔ موصلی سیاہ ایک سیر شیر گاؤ دس سیر میں خوب جوش دیں۔ یہاں تک کہ تمام دودھ جذب ہو جائے۔ بعد ازاں سائے میں خشک کرلیں اور میدہ کی طرح باریک پیس لیں اور اسی میں جوتری ایک پاؤ۔ جوزبوا ایک پاؤ کوٹ چھان کر ملالیں اور شہد خالص میں قوام کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔
مقدار خوراک :۔ حسب مزاج مقدار کا تعین کریں۔

(25) حب مقوی

صاحب تحفہ نے تحریر کیا ہے کہ میں نے یہ گولیاں شاہ عباس کے واسطے تیار کی تھیں۔ خاصیت ان کی یہ ہے کہ چھ گھنٹے کے بعد نعوظ لاتی ہے اور بے حد شہوت پیدا ہوتی ہے۔ اس وقت سردپانی سے دھونا تیزی قضیب کو دور کرتی ہے۔ منہ کو خوشبودار کرتی ہے۔ دماغ میں قوت پیدا ہوتی ہے۔ لیکن حکیم اکبر حسین الہ آبادی صاحب تحفہ کے قول کی تکذیب کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں نے ان گولیوں کو ہزار کر مریضوں کو تجربہ کرایا ہے۔ جو کچھ تعریف کی گئی تھی۔ غلط ثابت ہوئی تھی۔ لیکن ہفتہ عشرہ کے استعمال سے غضب کی قوت عود کر آتی ہے جس کا روکنا مشکل ہو جاتا ہے۔ بے حد کمزور اور بوڑھے بھی کھا کر جوانی کا لطف حاصل کر سکتے ہیں۔ اجزاء کا خالص ہونا ضروری ہے۔
مشک خالص۔ مصطگی رومی۔ قرنفل۔ عنبر اشہب۔ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ ثعلب مصری 9 ماشہ۔ کلبجن 9 ماشہ۔ مایہ شراعرابی ساڑھے تیرہ ماشہ۔
باریک کر کے شہد کی مدد سے سوا سوا ماشہ کی گولیاں بنائیں۔
ترکیب استعمال :۔ ہر روز ایک گولی علی الصباح کھا کر پانی نخود خام' یا شراب یا شیر گاؤ ان میں سے جو میسر ہو نوش کریں۔ مرطوب مزاج والے سوا دو ماشہ تک کھا سکتے ہیں۔

(26) حب امساک خاص

امساک منی میں بغایت درجہ مجرب ہے۔ سینکڑوں حکیموں کی آزمودہ ہیں۔
افیون 10 درم۔ قنفل' دارچینی' زنجبیل' کتیرا' صمغ عربی' زعفران' بسباسہ ہر ایک 5 درم۔ حب بلسان' مرساف' عاقر قرحا' رب السوس' زراوند' جند بید ستر' جدوار خطائی' درونج عقربی' مصطگی' عود خام ہر ایک 2 درم۔ قرفہ' تخم کرفس' قرنفل' دار فلفل' جنطیانہ ہر ایک 3 درم۔ مشک 1 درم۔ نبات 15 درم کوٹ چھان کر گلاب میں ملا کر بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک : 1 تا 2 گولیاں جماع سے دو گھنٹے قبل نیم گرم دودھ سے۔
نوٹ :۔ واضح رہے کہ امساک کے باب میں زیادہ حریص نہ ہونا چاہئے کیونکہ بعد میں ضرر کا خدشہ ہوتا ہے۔

(27) حلوائے بیضہ مرغ

قوت باہ کو برانگیختہ کرتا ہے۔ تولید خون کے واسطے مفید ہے۔
زردی بیضہ مرغ' آب پیاز سرخ' شہد خالص۔
تینوں چیزیں برابر لے کر اور سب کو ملا کر حلوا تیار کر کے کھائیں۔ چالیس روز کے

مسلسل استعمال سے قوت باہ میں حیرت انگیز اضافہ ہو جاتا ہے آزمائش شرط ہے۔

(28) حلوائے بادام

مقوی دماغ و گردہ مغلظ و مولد منی اعلیٰ درجہ کا مبہی اور ممسک و ملذذ' دافع درد گردہ ضعف کلیہ جو کثرت جماع کے باعث ہو نہایت لذیذ و خوش ذائقہ ہے۔

نشاستہ گندم 15 تولہ۔ کھویہ شیر پونے دو پاؤ۔ صمغ عربی 5 تولہ۔ قند سفید آدھ سیر۔ مغز بادام آدھ سیر۔ مغز پستہ 10 تولہ۔ بالائی شیر 1 سیر۔ روغن زرد سوا دو پاؤ۔

نشاستہ' کھویہ' صمغ عربی اور بالائی کو علیحدہ روغن زرد میں بریاں کریں اور شکر سفید کا قوام بنا کر حلوا بنالیں۔

مقدار خوراک :- 2 تولہ سے پانچ تولہ تک۔

پرہیز :- ہر قسم کی ترش و بادی اشیاء سے۔

(29) حلوائے گزر

تقویت باہ' تولید مادہ منویہ اور بدن کو فربہ کرنے کے لئے نہایت مفید ہے۔ درد گردہ اور ضعف گردہ و مثانہ کے لئے نافع ہے۔

گزر مصفیٰ 1 سیر۔ آدھا سیر گاجروں کا اندرونی سخت حصہ دور کریں اور خرمہ کی گٹھلیاں ان دونوں کو شیر گاؤ 2 سیر میں پکائیں۔ جب دودھ جذب ہو جائے تو گھوٹ کر خوب باریک کرلیں پھر آرد نخود 5 تولہ۔ میدہ گندم 5 تولہ کو روغن زرد گاؤ میں بریاں کرلیں اور قند سفید ایک سیر شہد خالص کف گرفتہ آدھا سیر کا قوام کریں۔ جب قوام تیار ہو جائے تو گاجروں اور چھواروں کو اس میں شامل کر دیں۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل دوائیں باریک کر کے ملائیں اور محفوظ رکھیں۔

مغز فندق' مغز بادام شیریں' مغز پستہ' مغز چلغوزہ' مغز نارجیل ہر ایک 3 تولہ۔ ثعلب مصری 1 تولہ۔ دارچینی' زنجبیل' خولنجان ہر ایک 9 ماشہ۔ زعفران' مشک دونوں تین تین ماشہ۔

حسب معمول باریک کر کے ملائیں۔

مقدار خوراک :- 2 تولہ صبح کے وقت ہمراہ شیر گاؤ۔

(30) حب بول الدم

پیشاب میں خون آنے کو روکتی ہے۔ سیلان منی اور سرعت انزال کے لئے بھی نفع بخش ہیں۔

طباشیر' کہربا' دم الاخوین' گشنیز مقشر' تخم خرفہ' گل انار' صندل سفید' کتیرا' صمغ عربی ہر

ایک چھ ماشہ۔ سنگھاڑا خشک' خار خسک' تخم خرفہ' کشتہ قلعی' تخم خیارین' کہربا' اسپغول ہر ایک ایک تولہ۔

اسپغول کا لعاب نکال کر باقی تمام دواؤں کو باریک کریں اور لعاب اسپغول میں کابلی چنے گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک :- ایک مثقال۔

(31) حبوب برائے ایام حیض

حیض کے دنوں میں ضروری احتیاطوں پر عمل نہ کرنے سے بعض اوقات عورتوں کو معلوم ہوتا ہے کہ ان کے جسم میں ایک گولا سا پیدا ہو رہا ہے۔ یہ گولیاں اسی شکایت کے لئے ہیں اور اس تکلیف دینے والے مرض کو رفع کر دیتی ہیں۔

تخم گزر' بیخ حنظل گوند' پوست چیتا' سونٹھ' بچھ' تربد ہر ایک 2 تولہ۔ ہینگ بریاں 6 ماشہ۔ چوک 40 تولہ۔ اجوائن دیسی' ابہول' زیرہ سفید' زیرہ سیاہ' مرچ سیاہ' گشنیز خشک ہر ایک 6 ماشہ۔ جوکھار 4 تولہ۔

سب دواؤں کو باریک پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال :- صبح و شام دونوں وقت ایک ایک گولی پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

(32) حبوب منقی معدہ

معدہ کو مادہ سوداویہ سے پاک کرنے میں مفید ہیں۔

قرنفل' بلیلہ کابلی' بلیلہ سیاہ ہر ایک 1 درم۔ بسفائج' نمک' اسطوخودوس ہر ایک 4 دانگ۔ ایارج فیقرا' غاریقون' افتیمون ہر ایک ڈھائی درم۔ ترید سفید مجوف 3 درم۔

باریک پیس کر آب بادرنجبویہ کی مدد سے گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک :- تین درم سے 4 درم تک عرق بادرنجبویا گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

(33) حب شفا

قوت طبعی اور قوت نفسانی کی محافظت کرتی ہیں۔ جگر کے لئے بھی فائدہ مند ہیں۔ اگر افیون کھانے والے ان کو کچھ روز برابر استعمال کرائی جائیں تو چند دن کے استعمال سے افیون کی عادت ختم ہو جاتی ہے۔

زنجبیل' جوزوا' ریوند چینی ہر ایک 2 درم۔ جوز ماثل 9 درم۔ کوٹ چھان کر عسل مقوم میں ملا کر گولیاں بقدر فلفل تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی۔

(34) حب ریوند

حکیم محمد زکریا کی تالیف ہے۔ استسقاء کے لئے بہت مفید ہے۔
ریوند چینی' عصارہ غافث' تخم کاسنی ہر ایک ساڑھے 10 ماشہ۔ غاریقون 7 ماشہ۔ مازریون 3 تولہ۔ کوٹ چھان کر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ہر ہفتہ میں ایک مرتبہ پونے نو ماشہ۔

(35) حب بہرامی

استسقائے لحمی کے لئے فائدہ مند ہے۔
صبر سقوطری 12 درم۔ افتیمون 6 درم۔ سقمونیہ 4 درم۔ غاریقون 3 درم۔ سنبل الطیب' سلیخہ' تربد سفید' مصطگی ہر ایک 2 درم۔ زعفران ڈیڑھ درم۔ حماما 1 درم۔ ان جملہ ادویہ کو صحیح وزن کے ساتھ لے کر کوٹ چھان کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ساڑھے 3 درم۔

پرہیز: بادی اور ترش اشیاء سے۔

(36) حب مقل

بواسیر کے خون کو بند کرتی ہے۔
ہلیلہ کابلی 30 درم (آگے کے گھی میں بریاں شدہ)۔ کہربا 10 مثقال۔ مقل ہم وزن ادویہ۔ مقل کو آب گندنا میں حل کریں۔ اور باقی دواؤں کو اس میں ملا کر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: 2 درم۔

(37) حب انجیر

بواسیر کو دفع کرنے میں مفید ثابت ہوتی ہیں۔ نیز ملین طبع ہیں۔
بادیان' پوست ہلیلہ زرد' پوست بلیلہ' آملہ' مقل' رسوت ہر ایک 4 درم۔ تخم گندنا 1 درم۔ انجیر 5 عدد۔ کشمش 2 تولہ۔
ہلیلہ جات کو جوکوب کر کے روغن میں چرب باریک کریں اور کابلی چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: حسب مزاج و عمر دیں۔

(38) حب صرع

مرگی کو دفع کرنے میں مجرب ہیں۔

لیلوا ہم مثقال۔ افتیمون' بسفائج' اسطو خودوس' نمک ہندی' غاریقون ہر ایک نیم دانگ۔ تربد سفید مجوف' پوست ہلیلہ زرد' شحم حنظل' کتھوا' سقمونیا ہر ایک ایک دانگ۔ کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: مریض کی عمر اور قوت کو مد نظر رکھ کر مقدار کا تعین کریں۔

(39) حب اسہال

دستوں کے آنے کو فوراً روک دیتی ہے۔
افیون' سندروس' کندر' مر' زعفران سب دواؤں کو ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: دو درم۔

(40) حب قبض دائمی

دائمی قبض کو دور کرتی ہے۔ معیار صحت پر پوری اترتی ہیں۔
عصارہ ریوند 1 تولہ۔ مصطگی رومی 6 ماشہ۔ صبر زرد 9 ماشہ۔ زیرہ سفید 4 ماشہ۔
شہد خالص بقدر ضرورت میں چنے سے ذرا بڑی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی تک پانی کے ہمراہ رات کے وقت استعمال کریں۔

(خ)

(41) خمیرہ گاؤزبان عنبری

یہ نسخہ اکمل المحققین افضل المدققین علامہ حاذق الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں مرحوم والد ماجد حکیم شریف خاں بانی خاندان شریفی کا تالیف کردہ ہے۔ تقویت دماغ میں بے بدیل ہے۔ مالیخولیا اور خفقان کی تمام حالتوں میں فائدہ مند ہے۔ مقوی اور مفرح قلب بھی ہے۔
گل گاؤزبان گیلانی 3 درم۔ برگ گاؤزبان' کشنیز خشک' ابریشم مقرض' بہمن سفید' تخم بالنگو' صندل سفید' تخم فرنجمشک ہر ایک ایک تولہ۔ عنبر اشہب نیم درم۔
عنبر اشہب کے علاوہ تمام دواؤں کو دو سیر پانی میں تر کریں اور صبح کو جوش دیں۔ جس وقت تہائی حصہ رہ جائے صاف کر کے نبات سفید 1 سیر۔ عسل مصفی پاؤ سیر میں قوام کریں اور قوام کے آخر میں عنبر داخل کریں۔ اس کے بعد ورق طلاء 6 ماشہ۔ ورق نقرہ 6 ماشہ اضافہ کریں اور جس قدر بھی حل کر سکیں کرے کیونکہ جس قدر حل ہو گا اسی قدر بہتر ہو

گا۔

مقدار خوراک:۔ ایک درم سے دو درم تک اور اگر اس میں مروارید' یاقوت' زمرد' دہرمہو ہر ایک ایک مثقال بھی اضافہ کر دیں تو تریاق کی مانند ہو جائے گا۔

(42) خمیرہ صندل ترش

ہندوستان کے مشہور و معروف طبیب حکیم علوی خاں مرحوم کا ایجاد کردہ ہے۔ ذیابطیس حار کو نفع بخش ہے۔ قلب کو تقویت بھی دیتا ہے۔ بارہا کا مجرب و آزمودہ ہے۔

گل گاؤزباں' گل سرخ ہر ایک 2 تولہ۔ صندل سفید 3 تولہ کو عرق بید مشک پاؤ سیر اور عرق گلاب پاؤ سیر۔ عرق فواکہ پاؤ سیر میں رات کو تر کریں اور صبح اس قدر جوش دیں کہ تہائی حصہ کو مل مل کر صاف کریں اور زرشک 3 تولہ۔ تمر ہندی 3 تولہ۔ آلو بخارا 15 عدد کو رات کے وقت اس میں تر کریں اور صبح کو صاف کریں۔ قند سفید 9 تولہ۔ آملہ مربہ 15 عدد۔ شربت سیب 5 تولہ میں قوام کریں۔ اس کے بعد طباشیر 1 تولہ۔ ابریشم مقرض 1 تولہ۔ کشنیز مقشر 1 تولہ باریک کر کے خمیرہ میں شامل کر لیں۔

مقدار خوراک:۔ 2 مثقال۔

(43) خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا

امراض سوداوی کی تمام اقسام میں مفید ہے اور اعضائے رئیسہ کو تقویت دینے میں بے عدیل ہونے پر سہاگہ یہ کہ اس قدر لذیذ اور خوش ذائقہ ہے کہ آپ انگلیاں چاٹتے رہ جائیں گے۔

عود غرقی 4 ماشہ۔ ابریشم خام 42 تولہ۔ صندل سفید سائیدہ 6 ماشہ۔ سنبل الطیب' پوست بیرون پستہ' پوست ترنج' مصطگی' قرنفل' دانہ ہیل' ساذج ہندی ہر ایک 5 ماشہ۔ تمام دواؤں کو ابریشم سمیت پارچہ کتاں میں باندھیں۔

عرق گاؤزباں' عرق بید مشک' عرق گلاب' آب سیب شیریں' آب انار شیریں' آب بہی شیریں ہر ایک 12 درم۔ آب باراں 2 سیر۔

میں جوش دیں۔ جب پانی کا وزن جذب ہو جائے اور میوؤں کا پانی رہ جائے تو عسل سفید آدھ پاؤ میں قوام کریں اور آخر قوام میں حجر اشہب 6 ماشہ حل کر کے مروارید سائیدہ ایک تولہ یاقوت رمانی 9 ماشہ۔ کہربائے شمعی 6 ماشہ۔ مرجان 6 ماشہ۔ یشب سفید 9 ماشہ۔ مشک خالص 4 ماشہ داخل کر کے خوب مخلوط کریں۔ اس کے بعد کسی چینی کے برتن میں رکھ لیں۔

مقدار خوراک: 3 تا 6 ماشہ صبح و شام۔

(د)

(44) دوائے مقوی باہ و دماغ

یہ نسخہ بظاہر تو کچھ نہیں معلوم ہوتا لیکن در پردہ دماغ کے لئے ایک معنوی دماغ کا کام دیتا ہے۔

مغز چلغوزہ 9 ماشہ۔ مسکہ گاؤ ایک تولہ۔ نبات سفید بقدر ذائقہ پیس کر ہر صبح استعمال کریں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے بہت فائدہ ہو گا۔

(45) دواء المسک

خفقان' غشی' وہم اور وحشت کو دور کرتی ہے۔ برودت معدہ اور سوئے ہضم کے لئے بھی نافع ہے۔

مشک تبتی' مصطگی' عود خام' دارچینی' پوست ترنج ہر ایک نیم درم۔ قرنفل' ہیل' برگ مورد' کبابہ' قاقلہ کبار و صغار' سعد اذخر' درونج فرنجمشک' تخم بادرنجبویہ' تخم مرزنجوش' دار فلفل' مروارید' کہربا' ابریشم' ساذج' بہمنین ہر ایک دس درم۔ عسل بلیلہ مربے میں ملا کر تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک۔

(46) دوائے قلاع سرخ و سیاہ

منہ آنے میں مفید ہے۔ اکثر مرتبہ کا مجرب ہے۔

دار چکنا' بیخ سوسن' بلیلہ سیاہ' برگ جنبہ کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر ملیں۔ منہ کو ڈھیلا چھوڑ دیں اور لعاب باہر گراتے رہیں۔

(47) دوائے درد چشم

آنکھ کا درد جو خشکی خارش اور سرخی سے ہو اور آنکھ سے پانی بہتا ہو اور سر میں درد ہوتا ہو۔ ان سب کے لئے فائدہ مند ہے۔ اگر آنکھ میں کوئی چیز جا پڑی ہو تو اس کو بھی نافع ہے۔

صندل' برگ نیم' بیخ سوسن' دیودار' نمک سنگ ان سب کو ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: اور گرم پانی میں ملا کر آنکھوں کے گرد طلا کریں۔

(48) دوائے مدر

ادرار حیض میں لاجواب ہے اور امین الدولہ کے مجربات میں سے ہے۔
تخم خربزہ 5 مثقال۔ تخم کرفس' انیسون' رازیانہ ہر ایک 2 مثقال۔
نیم کوب کر کے تین رطل پانی میں تین دن اور تین رات برابر رکھیں۔
مقدار خوراک: بعدہ ہر روز ایک رطل ایک مثقال بادام کے ہمراہ نوش کریں۔

(49) دوائے تکمید

عضو مخصوص کی تمام خرابیوں کو رفع کر کے چند روز میں بالکل فائدہ دیتا ہے۔ حکیم صادق علی خاں مرحوم کا نسخہ ہے۔
برادہ دندان فیل' نمک سانبھر' مال کنگنی' زفت رومی' مصطگی' قرنفل' اندر جو شیریں' عاقر قرحا' تج' کلتھی' خراطین' جو' نمک خشک' میل گوش آدمی' دار فلفل ہر ایک دو درم۔
جوزبوا' نارجیل ہر ایک 2 عدد۔ بیر بہوٹی 1 درم۔ پوست بیخ کنیر سفید 1 درام۔ چند 6 ماشہ۔
ترکیب استعمال: تمام چیزوں کو کوٹ کر پوٹلی میں باندھ کر حسب معمول تکمید کریں۔

(50) دوائے سوزاک

حکیم محمد محفوظ عالم صاحب طوق قریشی فرماتے ہیں کہ پرانے سوزاک میں جب خون اور پیپ کا اخراج ہو رہا ہو' درد اور سوزش زیادہ ہو پیشاب درد تکلیف سے آئے۔ ان حالات میں اس نسخہ کے استعمال سے بہترین فوائد دیکھے ہیں۔
گل ارمنی' جواکھار' ریوند چینی' گیرو' سنگ جراحت ہر ایک ایک تولہ۔
لیکن پہلے ان سے علیحدہ علیحدہ باریک پیس لیں۔ اس کے بعد شیرہ تخم خربزہ' شیرہ خار خسک' پانی میں شیرہ تخم خیارین ہر ایک 3 ماشہ۔
طریقہ استعمال: پانی میں گھول کر اور صاف کر کے شربت بزوری 4 تولہ ملا کر بوقت صبح پی لیں۔

(ر)

51۔ روغن مورد

بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے اور گرے ہوئے بالوں کی جگہ از سرنو بال پیدا کرتا ہے۔

آب مورد 3 سیر۔ روغن زیتون یا روغن ناریل ایک سیر۔
ان دونوں کو آپس میں جوش دیں۔ جب پانی جذب ہو جائے اور صرف روغن رہ جائے تو تھوڑا سا لاؤں اس میں ملا دیں اور جب لاؤں اس میں گل جائے تو کام میں لائیں۔ اس سے بال ملائم اور چمکدار بھی ہو جاتے ہیں۔

(52) روغن شونیز/کلونجی/

فالج' لقوہ اور تشنج کے واسطے بہت سودمند ہے۔ تجربہ پر ہمیشہ مفید ثابت ہوا ہے۔
شونیز 20 درم۔ مغز بادام تلخ 30 درم باہم ملا کر کوٹ لیں اور روغن کشید کریں۔
ترکیب استعمال: دن میں دو بار عضو ماؤف پر نیم گرم کی مالش کریں۔

(53) روغن برائے ثقل سماعت

بہرے پن کو دور کرنے میں تیر بہدف ثابت ہوا ہے۔ روغن سرشف' شحم حنظل ہم وزن۔
لوہے کی کڑھائی میں ڈال کر خوب جلائیں۔ اس کے بعد صاف کر کے رکھیں۔
صبح و شام نیم گرم کانوں میں ڈالیں اور لعوب کبیر 3 ماشہ۔ معجون برہمی 9 ماشہ میں ملا کر کھایا کریں۔ سہ پہر کو خمیرہ گاؤ زباں عنبری 3 ماشہ۔ خمیرہ آبریشم سادہ 1 تولہ کے ساتھ کھائیں۔

(54) روغن کندر

سردی کی وجہ سے اگر کان میں درد ہو گیا ہو تو یہ روغن استعمال کریں۔
کندر 5 درم۔ صبر' مر' مصطگی' جند بید ستر' حضض' زہرہ گاؤ ہر ایک 1 درم۔ روغن بادام تلخ 20 درم۔ شراب کہنہ 40 درم۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن اور شراب میں اس قدر جوش دیں کہ صرف روغن رہ جائیں۔
ترکیب استعمال: 3 تا 4 قطرے نیم گرم صبح و شام کانوں میں ڈالیں۔

(55) روغن سعال

بلغمی کھانسی کے لئے نہایت مجرب ہے۔ بلغم کی پیدائش کو بند کرتا ہے۔ دمہ کے لئے جو خواہ کسی وجہ سے ہو مفید ہے۔
کوکنار' تمباکو دیسی خشک' نارجیل تازہ' قند سیاہ ہر ایک 4 تولہ۔ برگ بانسہ 2 تولہ۔
تمام جو کوب کر کے آتشی شیشی میں ڈالیں اور پاتال جنتر کے ذریعہ تیل نکال کر رکھیں۔
ترکیب استعمال: صبح و شام 4 - 5 قطرے مناسب بدرقہ سے استعمال کریں۔ غذا مرغن

کھائیں۔

روغن زعفران (56)
(مجرب شیخ الرئیس بوعلی سینا)

اعصاب کو ملین کرتا ہے۔ تشنج کو زائل کرتا ہے۔ معدہ اور رحم کی سختی اور درد کو نافع ہے۔ بے خوابی کو دور کرتا ہے۔ رحم کے زخموں کو مندمل کرتا ہے اور چہرہ کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ شیخ الرئیس بوعلی سینا کا مایہ ناز نسخہ ہے۔

زعفران 6 درم۔ لعاب الاسپغول (?) 3 درم۔ مرکی صاف نیم درم۔ قردمانا 6 درم۔

تمام دواؤں کو علیحدہ نیم کوب کریں اور قردمانا کے علاوہ تمام دواؤں کو سرکہ انگوری میں پانچ روز تک تر کریں۔ پہلے روز قردمانہ 6 درم کو سرکہ انگوری میں شامل کرکے ایک روز تک تر رہنے دیں۔ دوسرے روز روغن کنجد کو زیت یا کسی اور مناسب دوا کے ہمراہ بقدر پانچ ستاور داخل کریں۔ اس کے بعد ملائم آگ پر جوش دیں۔ جب سرکہ غائب ہو کر صرف روغن رہ جائے' تو اتار لیں اور روغن کو علیحدہ کرلیں اور پھوک کو علیحدہ۔

طریقہ استعمال: حسب موقع اور مریض کی حالت کو دیکھ کر مقدار کا تعین کرلیں۔

نوٹ: کہتے ہیں روغن زعفران کا پھوک مرفوعاً ایک دوا کا نام ہے جو اکثر دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

روغن سوزاک (57)

سوزاک کی اکثر حالتوں میں مفید ہوتا ہے۔ پیپ وغیرہ صاف کرکے احلیل کو پاک و صاف کرتا ہے۔

ست بہروزہ خشک' طباشیر' دانہ الائچی خورد' کباب چینی ہر ایک ایک تولہ۔ نبات سفید 4 تولہ۔ روغن صندل 3 تولہ۔

سب ادویہ کو خوب باریک کرلیں' پھر روغن ملا لیں۔

خوراک: دو یا تین ماشہ صبح و شام ہمراہ لسی خام یا ہمراہ شیر بز' آدھا پاؤ۔

روغن ناسور (58)

حکیم صادق علی خاں کا مایہ ناز نسخہ ہے۔ ناسور کے علاوہ گنج اور آتشک کے زخم کو فائدہ دیتا ہے۔

جو کھار' کچی' ساگہ' تج' کتھا سفید' ہلدی' دار ہلدی' ریگ ماہی' چونہ' ہڑتال' منسل' گندھک' سندور' توتیا' گوگل' حلتیت' دھتورہ' نمک سونچل' نمک لاہوری' شاہترہ' رسوت سفیدہ کاشغری ہر ایک ایک دام۔ ان میں سے جس قدر چاہیں' آک اور زقوم کے دودھ میں

تر کرکے چوگنا روغن سرشف اور چار گنا گائے کا پیشاب ملا کر آگ پر اس قدر پکائیں کہ پیشاب جل کر تیل باقی رہ جائے۔

ترکیب استعمال: وقت ضرورت اس تیل کو مقام مرض پر لگائیں۔

(س).

سفوف قلت الماء (59)

قلت الماء کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

آملہ مقشر کوٹ کر روغن بادام میں چرب کریں اور ہم وزن مشک شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: 9 ماشہ روزانہ گرم پانی سے دیں۔

سفوف برص (60)

کوڑھ کو فائدہ دینے میں مجرب ہے۔

کالی ہڑ' بہیڑہ' کلونجی ہر ایک 5 تولہ۔ زردا ساڑھے سات تولہ۔

ان سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ہر روز ساڑھے دس ماشہ وقت شام حقی میں گوندھ کر کھائیں۔

سفوف برائے فساد خون (61)

فساد خون اور احتراق کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔

پوست بلیلہ کابلی' پوست بلیلہ زرد' آملہ خشک' بہیڑہ' صندل سرخ' برادہ چوب چشم' صندل سفید ہر ایک 2 تولہ۔ سرپھوک 5 تولہ۔

کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: اس میں سے دو تولہ لے کر پانی میں جوش دیں۔ بعدہ صاف کرکے شہد خالص ایک تولہ ملا کر پی لیں۔

سفوف عشبہ خاص (62)

آتشک جیسی خطرناک اور مہلک بیماری کو دور کرتا ہے اور یہ نسخہ نامی گرامی اطبائے ہند کا لاجواب اور مجرب ہے۔

عشبہ مغربی 4 تولہ۔ پوست بلیلہ زرد' صندل سرخ' سنائے مکی ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ سے لے کر 9 ماشہ تک گرم پانی یا مناسب عرق کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف سوزاک خاص الخاص (63)

سوزاک جیسے موذی مرض کے لئے بے حد فائدہ مند ہے۔ سینکڑوں اطباء کا مجرب اور معمول ہے۔ حکیم محمود خاں اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی ضیاء الابصار سے منقول ہے۔
دانہ الائچی کلاں' ست سلاجیت' سنگھاڑا ہولی' اصل السوس' گوکھرو' ست گلو' تخم تاج خروس' تالمکھانہ' مغز تخم خیارین' پکھان بید ہر ایک ایک درم۔ جواکھار' طباشیر ہر ایک 10 ماشہ۔ سب کا سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: 7 ماشہ پانی سے کھائیں۔

سفوف سوزاک (64)

اعلیٰ درجہ فوائد کا حامل

سوزاک جیسے موذی مرض کو چند روز میں کھو دیتا ہے۔
کباب چینی' ریوند چینی' دارچینی' دانہ الائچی سفید ہر ایک 4 درم۔ قلمی شورہ 8 درم۔ نبات سفید 16 درم کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ 1 تولہ ہمراہ شیر گاؤ تلوط کر کے پی لیں اور اس کے بعد شیر گاؤ اور آب سرد 4 دفعہ پینا چاہئے۔

سفوف سوزاک (65)

یہ سوزاک زخم کو صاف کرتا ہے اور خشکی لاتا ہے۔ سفوف اکثر مریضوں پر آزمایا۔ نہایت مفید پایا۔
سنگ جراحت 2 دام۔ کباب چینی 2 دام۔ دونوں دواؤں کو پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ پانی سے صبح و شام استعمال کریں۔

سفوف سوزاک (66)

سوزاک کی ہمہ گیری کو مد نظر رکھتے ہوئے حکیم غلام کبریا خاں صاحب عرف بھورے میاں مرحوم نے یہ نسخہ ترتیب دیا ہے جو ناظرین کی سہولت کے لئے ہم درج ذیل کرتے ہیں۔
گیرو' نوشادر' شورہ قلمی' ست طباشیر ہر ایک ایک تولہ۔ شکر تری 5 تولہ۔
دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ہر روز صبح کے وقت سات ماشہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

سفوف ہندی (67)

رحم کو تقویت اور استقرار حمل میں مدد دیتا ہے۔
گل دھاوا' گل نیلوفر' بیخ پاپانسہ' بیخ اسگندھ ہر ایک 2 تولہ۔
ان سب دواؤں کو کوٹ کر کے سفوف بنائیں۔
ترکیب استعمال: حیض سے فارغ ہونے کے بعد ایک تولہ یہ سفوف شیر گاؤ کے ہمراہ پانچ روز تک مسلسل کھائیں۔

سفوف سیلان الرحم (68)

عمدۃ الحکماء و معتمد الملک حکیم احسن اللہ خاں مرحوم طبیب شاہی وزیر اعظم بہادر شاہ دہلی کا قلیل الاجزاء اور کثیر الفوائد نسخہ ہے۔
پھلی کیکر خام 5 تولہ' شکر خام 10 تولہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ 1 تولہ صبح 1 تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

سفوف کثرت احتلام (69)

کثرت احتلام اور ذکاوت حس کو نفع پہنچاتا ہے۔ دو ہفتہ کے متواتر استعمال سے دونوں کمزوریاں رفع ہو جاتی ہیں۔
اجوائن خراسانی' کشنیز خشک' کھیرا' سپوس اسپغول ہر ایک 2 درم۔
مصری ہم وزن سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک: بقدر 3 ماشہ رات کو سوتے وقت شیر گاؤ کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف جریان (70)

جریان اور سرعت انزال کے لئے بہت مفید ہے۔ احتلام کی شکایت کو دور کرتا ہے۔
ثعلب مصری' آرد سنگھاڑا' موصلی سفید' تخم فرنجمشک ہر ایک ایک تولہ۔ دانہ ہیل خورد' بیخ بند دونوں چھ چھ ماشہ۔ ستاور' مغز تخم ارنڈ' دھاک مصری ہر ایک 9 ماشہ۔ دارچینی 6 ماشہ۔ خار خشک 11 ماشہ۔ کہربائے شمعی 6 ماشہ۔ تودری 1 تولہ۔ بہمن سفید 1 تولہ۔ اسپغول 6 ماشہ۔ مغز بادام 1 تولہ۔ مغز خربزہ 1 تولہ۔ مغز پستہ 1 تولہ۔ نبات سفید 5 تولہ۔ سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک :۔ 9 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

(71) سفوف حجر الیہود

سنگ گردہ و مثانے کے لئے مفید ہے اور معمول اطبائے ہند کا معمول ہے۔
تخم خشک 15 درم۔ مغز تخم خربوزہ، مغز تخم خیارین، مغز تخم کدو ہر ایک ساڑھے چار درم۔ سیالیوس 4 درم۔ صمغ عربی دو درم، نشاستہ 4 درم، کتیرا 2 درم۔ حجر الیہود 6 درم قند سفید 88 درم کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ 2 درم۔

(72) سفوف جریان
(بے عدیل فوائد کا حامل)

سرتاج اطبائے ہند جناب حکیم شریف خاں مرحوم رحمتہ اللہ علیہ بانی خاندان شریفی کا بنایا ہوا سفوف ہے۔ جریان اور احتلام نیز سرعت انزال کے لئے فائدہ مند اور مجرب ہے۔
پلاس پاپڑا ایک دام۔ شکر خام ایک دام۔
کوٹ چھان کر تیار کریں۔
مقدار خوراک: صبح کو 7 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(73) سفوف جریان

جریان کے لئے مفید ہے۔ گوکھرو کلاں، موچرس، تالمکھانا، تک مفسول، گوند ڈھاک ہر ایک دو درم۔ نبات سفید وزن ادویہ سے دو چند سفوف کر لیں۔
مقدار خوراک: ایک تولہ صبح شیر گاؤ پاؤ بھر کے ہمراہ استعمال کریں۔

(74) سفوف بزر البنج

گردے اور مثانے کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ مختلف اطبائے ہند نے اس کے متعلق اچھے الفاظ کا اظہار کیا ہے۔
بزر البنج 1 دانگ۔ انیسون 1 قیراط۔ مغز تخم خیارین 3 درم۔ تخم کاہو، تخم خرفہ دونوں ایک ایک درم۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور شراب کے ساتھ استعمال کریں۔

(75) سفوف سلسل بول

حکیم غلام رضا خاں صاحب شریف خانی دہلوی کا لاجواب نسخہ ہے، پیشاب کے بار بار آنے کو بند کرتا ہے۔ اب تک ہزارہا مریض بفضلہ تعالیٰ اس نسخہ کے استعمال کرنے سے صحت مند ہو چکے ہیں۔
تخم ریحان، مازو خشک، نبات سفید ہر ایک 4 تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ صبح کے وقت 1 تولہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

(76) سفوف کندر

دستوں کو روکنے میں مفید ہے حتیٰ کہ پرانے دستوں کو بھی فائدہ بخش ہے۔
کندر 1 درم۔ تخم خشخاش 1 درم۔ ان دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک :۔ دو درم سے 3 درم تک۔

(77) سفوف مقوی اعضائے رئیسہ

اعضائے رئیسہ یعنی دل و دماغ معدہ اور جگر کو تقویت دینے میں لاجواب ہے۔
ورق نقرہ، عنبر ہر ایک 6 ماشہ۔ ابریشم، گاؤزباں، گل گاؤزباں، ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ بہمن سفید، تخم تلسی، تخم ریحاں، صندل سفید، مغز کشنیز خشک ہر ایک 1 تولہ۔ سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک :۔ 1 تولہ صبح 1 تولہ شام ہمراہ عرق گاؤزباں 10 تولہ۔

(78) سفوف مروارید

حکیم علوی خاں کا مجوزہ ہے۔ خفقان اور وسواس کو جو سودائے محترق کی وجہ سے عارض ہو نافع ہے۔
مروارید 6 ماشہ۔ کہربا 6 ماشہ۔ طباشیر، بہمن سفید، پوست ہلیلہ کابلی، ابریشم مقرض، برادہ صندل، تخم فرنجمشک ہر ایک ایک تولہ۔ ورق طلا 20 عدد۔ ورق نقرہ 1 تولہ بدستور سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک: مریض کے حسب حال تجویز کریں۔

(79) سفوف خواب آور

بے خوابی کو دور کرنے میں عجیب و غریب ہے۔
کندر 1 درم۔ عود خام 1 درم۔ خشخاش 10 درم۔ تخم کاہو 5 درم۔ زعفران 1 دانگ نبات 20 درم سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک :۔ 1 درم۔

(80) سفوف مقوی بصر

آنکھوں کی بینائی تیز کرنے کے علاوہ قوت دیتا ہے۔
پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ، گل بنفشہ، بادیان، کشنیز، دارفلفل، شکر تری ہر ایک 5 تولہ۔ شکر تری تمام دواؤں کے برابر۔ سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک :۔ 9 ماشہ صبح و شام۔

(81) سنون بابا فرید گنج شکر

یہ منجن چشتیہ خاندان کے ایک بہت بڑے عارف اور واصل بالحق حضرت بابا فرید گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے۔ دانتوں کی جڑیں مضبوط کرتا ہے اور دانتوں کو صاف چمکیلا بناتا ہے۔

پوست ہلیلہ کابلی' پوست بلیلہ' آملہ' حنق' زنجبیل' دار فلفل' توتیا بریاں علم' مازو' نمک سنگ ان سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ہم وزن کر کے ملا دیں۔

ترکیب استعمال : صبح اور رات کے وقت استعمال میں لائیں۔ نہایت مجرب ہے اور مفید ہے۔

(82) سفوف حب الرماں

معدہ اور آنتوں کو تقویت دیتا ہے۔ پیٹ کے دستوں کو روکتا ہے۔ کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے۔

انار دانہ 10 درم۔ بلوط' ساق' زیرہ کرمانی مدبر حب الآس' کبجد مقشر' کشنیز خشک' خرنوب' آرد کنار ہر ایک 5 درم۔ عود خام نیم درم۔ آملہ 1 درم کوٹ چھان کر آب بہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

مقدار خوراک : تین درم۔

(83) سنون سورنجان

دانتوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے اور اگر دانتوں پر زرد میل جم گیا ہو تو اس کو دور کر کے دانتوں کو چاندی کی مانند صاف اور چمکیلا کر دیتا ہے۔

سورنجان' قرنفل' سعد کرمازج' پوست ہلیلہ زرد' صندل سفید' گل سرخ ہر ایک 4 تولہ کوٹ چھان کر منجن تیار کریں۔

ترکیب استعمال : رات کو سونے سے قبل اور ہر کھانے کے بعد استعمال کریں۔ مفید تر ہے۔

(84) سنون برائے دنداں

اگر دانت کثرت رطوبت سے ہلنے لگیں تو اس منجن کے استعمال کرنے سے فائدہ ہو جائے گا۔

قرنفل' مصطگی' سعد' گل سرخ' گلنار' سنبل الطیب' جوز السرو ہر ایک 2 درم کوٹ چھان کر منجن تیار کریں۔

ترکیب استعمال : رات کو سوتے وقت دانتوں پر ملیں اور کلی نہ کریں۔

(85) سنون مقوی الاسنان

دانتوں کو تقویت دیتا ہے۔ عرصہ سے کلی نہ کرنے کی وجہ سے دانتوں پر زرد رنگ کی میل سی چڑھ جاتی ہے۔ اس کو کاٹ کاٹ کر دانتوں کو مجلی اور صاف کرتا ہے۔ منہ کو خوشبودار کرتا ہے۔

کمازج' زنجبیل' زبد البحر' دار فلفل' قاقلہ صغار ہر ایک 2 درم۔ نمک بریاں 10 درم۔ جو سوختہ 7 درم۔

کوٹ چھان کر منجن بنائیں۔ بعض اوقات عود سوختہ 5 درم یا ایک درم اضافہ کر لیے جاتے ہیں۔

ترکیب استعمال : رات کو اور صبح کے وقت اس سے دانت صاف کریں۔

(86) سفوف مقوی معدہ خاص

حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب مرحوم کا مجرب اور معمول ہے۔ ضعف معدہ دور کرتا ہے۔ غذا کے ہضم ہونے میں مدد دیتا ہے۔

نمک لاہوری' ساق' زرشک' انار دانہ' کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ۔

کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک : 3 ماشہ کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

(87) سفوف ارسطا طالیس

یہ سفوف حکیم ارسطا طالیس نے سکندر ذوالقرنین کے واسطے تیار کیا ہے۔ ذرب و چائی معدہ اور چہرہ کی زردی کے لئے فائدہ مند ہے۔ وسوسوں اور نسیان کو بھی نافع ہے۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے۔ منہ کو خوشبودار کرتا ہے۔ دل کو تقویت دیتا ہے۔

قرحہ' سازج ہندی' عود' بیل' اسارون' مصطگی' ہلیلہ کابلی' فرنجمشک' بار مشک' زیرہ کرمانی' دار چینی' اشنہ' دار فلفل' زنجبیل' قرنفل' انار دانہ' جوزبوا' نانخواہ ہر ایک دو درم۔ مشک' عنبر ہر ایک ایک درم۔ نبات سفید وزن ادویہ سے چوگنا۔

ان سب دواؤں کو کوٹ کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک درم سے 3 درم تک۔

نوٹ : اس سفوف کی قوت ایک سال تک باقی رہتی ہے۔

Scanned by CamScanner

(ش)

شیاف ابوالفتح (88)

یہ شیاف حکیم ابو الفتح گیلانی نے درد بواسیر اور قراقر شکم کے لئے تالیف کیا تھا جو اس باب میں بہت مجرب ثابت ہوا۔

میعہ سائلہ اور مر موم ڈیڑھ درم۔ مقل 2 درم۔ روغن خستہ، روغن گل 3 درم بطریق معمول شیاف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک شیاف صبح کو اور ایک شیاف شب کو سوتے وقت استعمال کریں۔ نہایت مفید ثابت ہو گا۔

شربت فریاد رس (89)

نزلہ حار میں اور خشک و تر کھانسی کے لئے مفید ہے۔

گاؤزبان، صندل سفید، عود صلیب، پرسیاؤشاں ہر ایک 2 تولہ۔ اصل السوس، بادیان، تخم خطمی، گل نسرین ہر ایک ایک تولہ۔ مویز منقیٰ 25 عدد۔ تخم خشخاش 2 تولہ۔ پوست خشخاش 25 عدد۔ قند سفید 1 سیر۔ ان تمام دواؤں کو رات کے وقت 1 سیر پانی میں تر کریں اور صبح کو جوش دے کر صاف کر لیں اور بدستور معروف شربت تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: 2-2 چمچے صبح دوپہر شام۔

شربت اعجاز (90)

ہندوستان کے مشہور طبیب اور متعدد کتب طبیہ کے مصنف حکیم محمد اکبر ارزانی کا بہترین نسخہ ہے۔ خشک کھانسی کی تمام حالتوں میں فائدہ مند ہے اور تپ دق کے لئے مفید ہے۔

عناب ولائتی 20 عدد۔ سپستاں فربہ 60 عدد۔ اصل السوس مقشر، تخم خبازی، تخم خطمی، گل نیلوفر، گل بنفشہ ہر ایک 7 درم۔ بہدانہ 5 درم۔ کتیرا 3 درم۔ صمغ عربی 3 درم۔ برگ آڑوسہ 1 رطل۔ قند سفید 2 رطل۔

صمغ عربی اور کتیرے کے علاوہ تمام دواؤں کو جوش دیں اور بطریق مشہور قند سفید کے ہمراہ قوام کریں۔ اس کے بعد کتیرا اور صمغ عربی کو کوٹ چھان کر داخل کریں۔ شربت تیار ہے۔

مقدار خوراک: 2 سے 4 تولہ تک صبح و شام۔

شربت سعال (91)

یہ شربت بلغمی اور خشک کھانسی کے لئے بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ نزلہ اور زکام کی شکایت کو بھی رفع کرتا ہے۔

مغز حب المحلب، اصل السوس مقشر، گل بنفشہ، برگ بانسہ، تخم خطمی، تخم خبازی، برگ بادرنجبویہ، زوفا یابس، سپستاں ہر ایک 5 تولہ۔ برگ گاؤزباں، گل گاؤزباں، عناب ہر ایک 10 تولہ۔ خالص پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور ڈیڑھ سیر قند میں حسب دستور شربت کا قوام بنائیں۔

مقدار خوراک: صبح و شام تنہا سادہ پانی یا کسی مناسب عرق کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

شربت خمار (92)

خمار کو رفع کرنے میں بے نظیر ہے اور اطبائے ہند کا مجرب ہے۔

آلوئے سیاہ 1 رطل۔ تمر ہندی 1 رطل۔ بہدانہ 1 رطل۔ عناب 50 دانے۔ پانی 6 رطل میں جوش دیں۔ جب دو رطل باقی رہ جائے اتار لیں اور آب انار ترش و شیریں آب سیب آب لیموں ہر ایک نیم رطل اضافہ کر کے ایک من قند میں شربت کا قوام کریں۔

مقدار خوراک: 2 تا 4 تولہ۔

(ض)

ضماد وجع مفاصل (93)

جوڑوں کے تمام دردوں کی اقسام میں مفید ہے۔

بابونہ 8 درم۔ خطمی 8 درم۔ اکلیل الملک 8 درم۔ اشق 13 درم۔ جاؤشیر 10 درم۔ مقل 10 درم۔ موم 5 درم۔ سرکہ 5 درم۔ روغن شبت 20 درم۔

ترکیب استعمال: بطریق معروف ضماد تیار کر کے استعمال کریں۔

(ط)

طلائے مجلوق خاص (94)

عضو مخصوص کی اگر جڑ پتلی ہو گئی ہو تو اس طلا کے چند روزہ استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

جوزوا' بسباسہ' اشنہ' چوب کوش' آدی ہر ایک 2 ماشہ۔ چربی خصیہ خر آدھا پاؤ۔
ان سب کو شراب دو آتشہ میں کھرل کریں یہاں تک کہ ایک سیر شاہی شراب ان میں جذب ہو جائے۔

ترکیب استعمال: بطریق معروفہ استعمال کرائیں۔

(95) طلائے لیلتہ الماء

نہایت مفید اور مجرب ہے۔
بیدور' قسط' تخم الیون ہم وزن لے کر کوٹ چھان لیں۔ اس کے بعد بادیان یا سویہ کے بیجوں کے جوشاندہ میں گوندھ کر لگائیں۔ اگر سیاہ مرچ کے چند دانے بھی اس میں شامل کر لیں تو زیادہ بہتر ہے۔

ترکیب استعمال: حسب دستور استعمال کرائیں۔

(96) طلائے معلوق

عضو تناسل کی سستی کمزوری اور کجی کو جو جلق کی وجہ سے عارض ہو جاتی ہیں زائل کرتا ہے۔
پنداں' حب الخروع' خولنجاں ہر ایک 3 درم۔ کو کوٹ کر چنبیلی کے تیل میں ملائیں۔

ترکیب استعمال: گرم کر کے عضو خاص اور خصیوں پر مالش کریں۔

(97) طلائے برص

کوڑھ کے داغوں کو دور کرنے میں مجرب ہے۔
پوست جستہ' بیخ سرکنڈہ مساوی لے کر آب لیموں میں حل کریں۔

ترکیب استعمال: داغوں پر مالش کریں۔ مالش کے بعد آبلہ ہو کر تھوڑی دیر میں پھوٹ جائے گا۔ آبلہ پھوٹ جانے کے بعد اس پر روغن نیم کی مالش کریں۔ تھوڑی دیر میں داغ دور ہو جائیں گے۔

(98) طلائے معلوق خاص الخاص

ان لوگوں کے لئے جنہوں نے اپنی زندگی اپنے ہاتھوں تباہ کر لی اور اب ہر طرف سے مایوس ہو کر دنیا سے بیزار ہو گئے ہیں' یہ طلا ایک خاص نعمت ہے جس کے محض چند روزہ استعمال سے عضو مخصوص کی تمام خرابیاں مثلاً کجی' لاغری اور کوتاہی رفع ہو جاتی ہے۔ اکسیری چیز ہے۔ اس کی خوبیاں اس کے استعمال کرنے سے ہی معلوم ہو سکتی ہیں۔
سم الفار ایک تولہ کی سالم ڈلی لے کر شیر مدار میں چودہ روز تک تر رکھیں۔ اس کے

بعد عطر موتیا ایک تولہ۔ مسکہ گاؤ ایک تولہ دونوں کو شامل کر کے اس میں سم الفار کو تین روز تک کھرل کریں۔ پھر ایک چینی کی رکابی میں ذرا ٹیڑھا کر کے دھوپ میں رکھ دیں۔ جب منتظر ہو کر تمام روغن ایک طرف نکل آئے تو روغن کو نہایت احتیاط سے علیحدہ کر لیں اور خیال رکھیں کہ سم الفار کے اجزاء روغن میں نہ آ جائیں۔ اس کے بعد فی تولہ روغن کے حساب سے اجزائے ذیل اضافہ کر کے کھرل کریں۔
مشک خالص تین ماشہ۔ زعفران 3 ماشہ۔ عنبر اشہب 4 رتی۔ جائفل 2 ماشہ۔ جاوتری 2 ماشہ۔

ترکیب استعمال: رات کو سر اور سیون بچا کر طلا کریں اور اوپر سے بنگلہ پان کا پتہ لپیٹ کر کچے دھاگے سے باندھ دیا کریں اور صبح کھول کر علیحدہ کر دیا کریں۔ اس طرح دو تین روز کے عمل سے جب سرخ دانے نکل آئیں تو پھر بند کر دیں اور 21 روز تک یہ عمل جاری رکھیں اور تمام مناسب پرہیزوں کا خیال رکھیں۔

(ع)

(99) عرق اورام جگر تیر بہدف

رئیس الاطباء عالیجناب حکیم محمد ہاشم جان خان صاحب کیف دہلوی کا نادر روزگار نسخہ ہے۔ جگر کے اورام کے لئے بے حد مفید ہے۔ حکیم صاحب موصوف نے اب تک ہزارہا مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔ ہمیشہ تیر بہدف ثابت ہوا۔
گو نیب (نیم والی) 10 تولہ۔ برنجاسف ایک پاؤ۔ تخم کاسنی 10 تولہ۔ کوخشک 7 تولہ۔ مویز منقیٰ 11 تولہ۔ بادیان 9 تولہ۔ تخم خطمی 7 تولہ۔ تخم خبازی 5 تولہ۔ اصل السوس مقشر 5 تولہ۔ آب کسوندی' آب شاہ جی' آب کاسنی سبز' آب کو سبز ہر ایک 2 سیر۔ آب انار 1 سیر۔ آب گندر 3 سیر۔ ترنجبین 1. پاؤ۔ شیر خشت آدھا پاؤ۔ آب بادیاں 5 سیر۔ بدستور مشہور 12 سیر عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: دس تولہ صبح دس تولہ شام۔

(100) عرق انناس

سنگ مثانہ کے لئے ہزارہا بار کا تجربہ شدہ ہے۔ انناس کو پارہ پارہ کر کے بادیان' انناس دونوں ایک ایک سیر۔ پیاز سفید' خار خسک دونوں دو دو سیر ملا کر دیگ میں ڈالیں اور دیگ میں پانی اس قدر ڈالیں کہ دواؤں سے چار انگل اونچا رہے پھر عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: چھ تولہ یہ عرق لے کر مصری ملا کر صبح و شام پلائیں۔

عرق احتباس الطمث (101)

ایام حیض کے رک جانے سے مستورات کو جس قدر تکلیف اور اندوہ کا سامنا کرنا ہوتا ہے اس کا اندازہ آسان نہیں۔ عالی جناب حکیم محمد قاسم جان صاحب رئیس دہلی خلف الصدق اشرف الاطباء حکیم نواب جان خاں رحمتہ اللہ علیہ کا مایہ ناز نسخہ آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے جو اس مرض کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیتا ہے۔

پوست املتاس 5 تولہ۔ برگ بانسہ 5 تولہ۔ حب قرطم 7 تولہ۔ بادیان 5 تولہ۔ مکو طراسیع 4 تولہ۔ خار خسک 10 تولہ۔ عناب 15 تولہ۔ پانی 10 تولہ۔ میں ڈال کر سات بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک :- 5 تولہ عرق ہمراہ شربت بزوری 4 تولہ۔

عرق مقوی (102)

حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب مرحوم کا کامیاب نسخہ ہے۔ معدہ دل اور دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ امراض سوداوی کا دافع ہے۔ بخارات کو دماغ میں چڑھنے سے روک دیتا ہے۔ کابوس تک کے لئے نافع ہے۔

اسطو خودوس 12 تولہ۔ کشنیز خشک 3 پاؤ۔ پوست ہلیلہ زرد 1 سیر۔ گل سرخ 5 سیر۔ گاؤزباں آدھا پاؤ۔ ہلیلہ سیاہ ایک پاؤ۔

چار دن اور چار رات تک پانی میں تر کریں۔ اس کے بعد سات سیر عرق بطریق معروف کشید کریں۔

مقدار خوراک :- حسب مزاج بدرقہ کے ساتھ پلائیں۔

عرق مقوی مجرب (103)

تقویت باہ میں لاجواب ہونے کے علاوہ مبہی اور ممسک بھی ہے۔ بارہا مرتبہ تجربہ شدہ ہے۔ کبھی خطا نہیں ہوا۔

گل گڑہل آدھا پاؤ۔ بسباسہ' قرنفل' ثعلب مصری' دار چینی ہر ایک ایک دام۔ کشمش آدھا پاؤ۔ نبات آدھا پاؤ۔ آب باراں دو سیر۔

تمام دواؤں کو جوکوب کر کے آب باراں میں ملا کر شیشہ میں داخل کریں اور تین چار روز تک دھوپ میں رکھیں تاکہ خوب جوش آ جائے۔

مقدار خوراک :- 3 تا 4 تولہ۔

عرق گذر (104)

فرحت پیدا کرتا ہے۔ قلب کو طاقت دیتا ہے۔ حرارت کو تسکین اور خفقان کو رفع

کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔

گاجر کلاں 1 سیر (باریک کی ہوئی)۔ برگ گاؤزباں 2 تولہ۔ گل گاؤزباں سوا تولہ۔ برادہ صندل سفید ڈیڑھ تولہ۔ بہمن سفید 1 تولہ۔ تودری سرخ 1 تولہ۔ بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک :- 12 تولہ تک مصری ملا کر نوش کریں۔

عرق رنگترہ (105)

دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔ مفرح ہے۔ بدن کے لئے مقوی ہے۔

آب رنگترہ' آب زردک' آب نیشکر' کشمش سبز ہر ایک 10 سیر۔ جوز 4 تولہ۔ بسباسہ 4 تولہ۔ قرنفل' دار چینی' گل گاؤزباں ہر ایک 5 تولہ۔ شکر طبرزد 15 سیر۔ عود غرقی 2 تولہ۔ عنبر اشہب 4 ماشہ۔ مشک 3 ماشہ بدستور عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک : 1 تا 2 تولہ۔

عرق عنبر (106)

دل' دماغ اور جگر کا تقویت دینا اس کا خاص فعل ہے اور ہر قسم کی غشی کو رفع کرنے میں اور اعادہ شباب و قوت میں بہت سریع الاثر ہے چنانچہ بہت سی وہ عورتیں جو کثرت سے خون حیض کی بنا پر انتہائی کمزور ہو گئی تھیں اور بہت سے وہ مرد جو بواسیر کے خون کی زیادتی سے صاحب فراش ہو گئے تھے' محض اس عرق کے استعمال سے اپنی اصلی حالت پر آ گئے۔ سینکڑوں عجیب و غریب فوائد اس عرق کے استعمال کرنے سے ظاہر ہوتے ہیں۔

مشک خالص 1 مثقال۔ عنبر اشہب 2 مثقال۔ مصطگی رومی 2 مثقال۔ درنباد' عود غرقی' کباب خنداں' اشنہ' سنبل الطیب' بہمنین ہر ایک 5 مثقال۔

شقاقل مصری' ساذج ہندی' دار چینی' زعفران' قرنفل' بوزیدان' گل سرخ' طباشیر سفید' قاقلہ صغار و کبار' خس' پوست ترنج' ابریشم خام' صندل سفید' برگ ریحاں' سعد کوفی' قرفہ' کشنیز خشک' گل گاؤزباں' انیسوں' درونج عقربی' پوست بیدان پستہ ہر ایک بیس مثقال۔ آب سیب ولائتی' آب انار ترش' عرق بید مشک' عرق گاؤزباں آدھا سیر عالمگیری عرق بادرنجبویہ ڈھائی سیر' گلاب قسم اول 5 سیر کو تمام دواؤں کو نیم کوب کر کے عرقوں میں ملا کر رات کو رکھ دیں اور صبح کو آب سیب' آب انار اس میں داخل کر کے دیگ میں ڈالیں اور عنبر مشک کی پوٹلی بنا کر نیچہ میں باندھیں اور عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک :- ایک فنجان قہوہ سے لے کر چار فنجان تک لیکن طبیعت کو مریض کی حالت اور مزاج کے مطابق اس عرق میں تصرفات جائز ہیں۔ جیسے تقویت معدہ کے لئے

آب بہی ایک سیر تقویت کے لئے بہاری نارنج 5 مثقال اور جس طبیعت کے لئے گل سنبھلا استعمال کریں۔

(107) عرق گذر عنبر خاص

مقوی دل و دماغ اور مقوی باہ ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ مفرح ہے۔ چہرہ پر سرخی لاتا ہے۔

گذر معلی 5 سیر۔ کشمش سبز ڈھائی سیر۔ مویز منقی ڈھائی سیر۔ بہی آدھا سیر۔ سیب آدھا سیر۔ انار شیریں 1 سیر۔ گل سرخ' الائچی سبز' الائچی سرخ' ابریشم مقرض' برادہ صندل ہر ایک 4 تولہ۔ برادہ صندل سرخ' برگ ریحاں ہر ایک 2 تولہ۔ کشنیز خشک' برگ گاؤزباں ہر ایک 4 تولہ۔ عرق گلاب' عرق کیوڑہ' عرق گاؤزباں ہر ایک 2 سیر۔ حسب معمول عرق کشید کریں۔

زعفران 1 تولہ۔ مشک 3 ماشہ۔ عنبر 3 ماشہ۔ تخم کاسنی' تخم خیارین ہر ایک 2 تولہ۔ تخم فرنجمشک 4 تولہ۔ تخم بالنگو 4 تولہ۔ طباشیر 6 ماشہ۔ گل گاؤزباں 2 تولہ پوٹلی بنا کر نیچہ کے منہ پر رکھیں۔

مقدار خوراک :- 5 تولہ مصری یا شربت انار ملا کر نوش کریں۔

(ق)

(108) قرص گل

معدے کے درد اور تپ ہائے بلغمی کے لئے بہت مفید ہے۔

گل سرخ 1 درم' اصل السوس' عصارہ غافث' افسنتین ہر ایک 4 درم۔ مصطگی ایک درم' اسارون ایک درم' عود خام ایک درم' اذخر مکی 1 درم کوٹ چھان کر عرق گلاب کی مدد سے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک :- صبح و شام 1 تا 2 قرص ہمراہ پانی۔

(109) قرص طباشیر ملین

تپ ہائے محرقہ کھانسی خشونت سینہ اور پیاس کے لئے نافع ہے۔ طبیعت کو نرم کرتی ہے۔

طباشیر' زرشک' شوینہ' گل سرخ' کہربا ہر ایک ایک درم۔
کوٹ چھان کر قرص بنائیں۔

مقدار خوراک :- دو ماشہ سے تین ماشہ تک۔

(110) قرص طباشیر

پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ سیکڑوں اطباء کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

بنسلوچن ساڑھے سات۔ کتیرا 10 ماشہ۔ گوند ببول ساڑھے دس ماشہ۔ نشاستہ ساڑھے دس ماشہ۔ ست ملٹھی 2 تولہ۔ تخم خرفہ 4 تولہ ککڑی کے بیجوں کی گری 14 ماشہ۔ کھیرے کے بیجوں کی گری 14 ماشہ۔ میٹھے کدو کے بیجوں کی گری 14 ماشہ۔ لعاب اسپغول میں قرص بنائیں۔

مقدار خوراک : 1 تا 2 اقراص کے پانی کے ہمراہ ہر تین گھنٹہ بعد۔

(111) قرص کافور

تپ ہائے محرقہ اور دق کو فائدہ کرتے ہیں۔ دل و جگر کی تبرید کے لئے بھی نافع ہیں۔

کافور ریاحی نیم درم۔ گل سرخ 10 درم۔ ترنجبین صاف 10 درم۔ مغز تخم خیار 5 درم۔ طباشیر اصلی 5 درم۔ تخم کاہو 7 درم۔ تخم خرفہ 6 درم۔ تخم کاسنی 2 درم۔ مغز تخم کدو 4 درم۔ رب السوس 3 درم۔

کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں ملا کر قرص بنائیں۔

مقدار خوراک : 1 تا 2 اقراص ہر تین گھنٹہ بعد کھلائیں۔

(112) قرص ثلث الدم

منہ سے خون آنے کو قطع کرتا ہے۔

اقاقیا 4 درم۔ گل سرخ 8 درم۔ گلنار 8 درم۔ صمغ عربی 7 درم۔ کہربا 1 درم۔
آب باراں میں بقدر ایک مثقال قرص بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک قرص ہر روز استعمال کریں۔

(113) قرص بسد

کھانسی کے بعد اگر خون آتا ہو تو یہ قرص استعمال کرنے سے انشاء اللہ فائدہ ہو جائے گا۔

صمغ عربی 4 درم۔ گل ارمنی 4 درم۔ کہربا' بسد ہر ایک ڈیڑھ درم۔ ساذج ڈیڑھ درم۔ رب السوس' دم الاخوین' نشاستہ' بادیان ہر ایک 2 درم۔
قرص تیار کریں۔

مقدار خوراک : اس میں سے تین درم لے کر بذر البنج سفید مسحوق ایک دانگ میں ملا

کر استعمال کریں۔

(114) قرص عنبر

تقویت دل و دماغ میں مفید و نافع ہے۔
عنبر اشہب 1 درم۔ زعفران نیم درم۔ کافور نیم درم۔ قند سفید 20 درم۔
قند گلاب میں آمیز کر کے گاڑھا قوام کریں۔ اور ادویہ ملا کر قرص بنائیں۔
مقدار خوراک: 1 تا 2 اقراص ہمراہ عرق گاؤزبان 6 تولہ۔

(115) قرص مروارید

دل و دماغ کو قوت دیتے ہیں۔ خفقان گرم اور یرقان کو نافع ہیں۔
گل سرخ 2 درم۔ طباشیر' مروارید ناسفتہ' بسد' صندل سفید ہر ایک ایک درم۔ مغز تخم خیارین 5 درم۔ مغز تخم کدو 5 درم۔ تخم خرفہ 3 درم۔ زعفران نیم درم۔
کوٹ چھان کر لعاب اسپغول کی مدد سے قرص بنائیں۔
مقدار: ایک مثقال ہمراہ شیگفہ بیّن۔

(ک)

(116) کحل جواہر
(ترک عینک)

بینائی کو تقویت بخشتا ہے۔ اور آنکھوں کی حفاظت میں لاجواب ہے۔
سرمہ اصفہانی 7 درم۔ مارقشیشا 5 درم۔ اقلیمائے طلا 12 درم۔ مروارید 3 درم۔ زعفران نیم درم۔ ساذج ہندی 2 درم۔ حسب دستور سرمہ تیار کریں۔
ترکیب استعمال: ہر روز رات کو سوتے وقت استعمال کرنے سے چھ ماہ کے بعد چشمہ کی عادت چھوٹ جاتی ہے' اور آنکھ کی تمام شکایات دور ہو جاتی ہیں۔ بے حد مفید اور مجرب ہے۔

(ل)

(117) لعوق بحتہ الصوت

آواز کے بیٹھ جانے میں انسان کو اظہار مدعا کے لئے جیسی کچھ تکلیف ہوتی ہے وہ اہل

کا دل جانتا ہے۔ یہ لعوق آواز کو کھولتا ہے اور اس باب میں مجرب ہے۔
نسخہ: حوالشافی۔ سپستاں 10 دانہ۔ تخم خطمی' تخم خبازی ہر ایک 3 درم۔
ان سب دواؤں کو جوش دے کر لعوق سپستاں اور کھیرا' نشاستہ چھڑک کر استعمال کریں۔
گانے والوں کے اور مقرروں کے لئے لاجواب تحفہ ہے۔
ترکیب استعمال: ایک تولہ صبح و شام۔

(118) لعوق سعال

ہر قسم کی کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے' خصوصاً بلغمی کھانسی کے لئے بہت زود اثر ہے۔ دماغ اور قلب کی تقویت بھی ایک کرتا رہتا ہے۔
نسخہ: حوالشافی:۔ تخم حلبہ 2 تولہ۔ ابریشم خام مقرض ڈھائی تولہ۔ گاؤزبان 4 تولہ۔ تخم خبازی 4 تولہ۔ انجیر زرد 5 تولہ۔ مویز منقیٰ 5 تولہ۔ زنجبیل 1 تولہ۔ تخم کتان 3 تولہ۔ تخم ریحان 1 تولہ۔ عرق شاہترہ ایک سیر میں دوائیں بھگوئیں اور جوش دے کر صاف کریں۔ اس کے بعد شہد اور مصری سے حسب معمول لعوق اور مصری کا قوام تیار کریں اور بعد میں حسب ذیل ادویہ شامل کریں۔
دار چینی' پیپل کلاں' رب السوس' مصطگی رومی' عود ہندی' طباشیر' دانہ الائچی کلاں' ورق نقرہ ہر ایک 6 ماشہ۔
ترکیب استعمال: ایک تولہ یہ لعوق لے کر صبح کو عرق گاؤزبان کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر مرض کی زیادتی ہو تو رات کو سوتے وقت بھی استعمال کرنا چاہئے۔ دوران استعمال میں گرم اور بادی چیزیں نہ کھائیں۔

(119) لعوق سل

حکیم شریف خاں بانی خاندان شریفی کے عم مرحوم حکیم جمیل خاں کا کامیاب ترین نسخہ ہے۔ سل کے لئے بے نظیر ہے۔
نسخہ: حوالشافی:۔ مغز تخم خیارین' مغز بادام' مغز پنبہ دانہ' تخم خشخاش' انزروت سفید' کتیرا' مغز چلغوزہ' ارسا رب السوس خشک ہر ایک دو مثقال کوٹ چھان کر شربت زوفا میں ملا کر تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک مثقال۔

(120) لبوب صغیر

افزائش منی اور تقویت گردہ اور مثانہ میں بے نظیر ہے۔

نسخہ :۔ مغز بادام' گردگان' حبتہ الخضراء' مغز چلغوزہ' مغز حب الولم' فندق' پستہ' نارجیل' مغز حب القلقل' خشخاش سفید' تودری سرخ و زرد مقشر' تخم جرجیر' تخم پیاز' تخم فلفلجہ' تخم اسپست' بہمن' سرخ و سفید قرفہ' زنجبیل' دار فلفل' عاقر قرحا' کبابہ' دارچینی' شقاقل' خولنجان' تخم ہلیون مساوی الوزن سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص سہ وزن ادویہ میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ دو درم ہمراہ شیر گرم۔

(121) لبوب کبیر

گردہ کو گرم اور قوی کرتا ہے۔ افزائش منی و باہ اور تقویت دل و دماغ میں بے نظیر ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے اور چہرے کے رنگ کو نکھار کرتا ہے۔ قوت جماع ازحد پیدا کرتا ہے۔ غرض یہ ہے کہ قوت مردی اس قدر پیدا کرتا ہے کہ بوڑھے بھی جوانی کا لطف حاصل کر سکتے ہیں۔ طب یونانی کا یہ ناز نسخہ ہے۔ اطبائے ہند کا ابتداء سے معمول رہا ہے۔ نسخہ : مغز پستہ' مغز بادام' مغز فندق' مغز حبتہ الخضرا' مغز گردگان' مغز چلغوزہ' مغز حب الولم' مغز حب البطم' ماہی روبیان' خولنجان' شقاقل' بہمنین' تودرین' زنجبیل' کنجد مقشر' دارچینی ہر ایک 5 درم۔ سنبل الطیب سعد کوفی' قرنفل' کبابہ حب القلقل' تخم گندر' تخم فلفلجہ' تخم ترب' تخم پیاز اسپست تخم ہلیون۔

لسان العصافیر' زرنباد' جوزبوا ہر واحد تین درم۔ بسباسہ دو درم۔ دوالہ دو درم۔ دار فلفل 2 درم۔ خصیتہ الثعلب 10 درم۔ نارجیل تازہ 10 درم۔ مغز سر کنجشک 10 درم۔ خشخاش 10 درم۔ قضیب گاؤ سوختہ 4 درم۔ سورنجان 4 درم۔ بوزیدان 4 درم۔ نعناع خشک 4 درم۔ مایہ شتر اعرابی 3 مثقال۔ مصطگی 3 مثقال۔ عود خام 2 مثقال۔ ورق طلا 2 عدد۔ ورق نقرہ 50 عدد۔ عنبر اشہب ایک مثقال۔ مشک نیم مثقال عسل سہ چند وزن ادویہ بطریق مشہور لبوب تیار کریں۔

مقدار خوراک 3 تا 6 ماشہ استعمال میں لائیں۔

(م)

(122) معجون مقوی دماغ

تقویت قلب و دماغ اور نسیان کے لئے مجرب ہے۔

دارچینی' بہمن سفید' سنبل الطیب' حب بلسان' عود صلیب' مصطگی' زعفران' کندر' تج سوسن' درونج عقربی' سعد کوفی' وج' اسطو خودوس' کباب چینی' اسارون ہر ایک 2 ماشہ۔

ہلیلہ کابلی' مغز نارجیل ہر ایک 4 ماشہ۔ ابریشم مقرض 20 ماشہ۔ مویز منقی 15 دانہ۔ مغز فندق 3 ماشہ۔ فلفل 1 ماشہ۔ زنجبیل 1 ماشہ۔ فلفل سفید 1 ماشہ۔ نبات سفید 4 درم۔ عسل کف گرفتہ آدھا پاؤ کوٹ چھان کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک 3 سے 5 ماشے تک۔

(123) معجون صرع

مرگی کے مریض کو اس معجون کا استعمال کرا کے قدرت خداوندی کا تماشہ دیکھیں۔

نسخہ :۔ پوست ہلیلہ کابلی' تربد سفید' زنجبیل' مصطگی رومی' عود صلیب ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ اسطو خودوس ساڑھے چار ماشہ۔ ہلیلہ 2 ماشہ۔ دارچینی ڈیڑھ تولہ۔

ان سب دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے قند سفید 12 تولہ شہد خالص 24 تولہ دونوں کو عرق بادیان 12 تولہ میں حل کریں اور حسب دستور قوام بنا کر ادویہ بالا کا سفوف ملا کر معجون تیار کریں۔ اور کسی چینی کے برتن میں رکھ کر غلہ جو میں دفن کریں۔

ترکیب استعمال :۔ چالیس روز کے بعد نکال کر ایک تولہ یومیہ عرق بادیان سے دیں۔

غذا :۔ نخود آب سادہ یا گوشت مرغ تیتر' بٹیر وغیرہ۔

(124) معجون قیصری

مرگی' فالج' خفقان بارد اور اس درد معدہ کو جو سردی کے سبب ہو' نافع ہے۔ سدہ کو کھولتی ہے۔

نسخہ :۔ مشک 2 دانگ۔ درونج عقربی نیم درم۔ زرنباد' نیم درم۔ مروارید ناسفتہ نیم درم۔ جاؤ شیر 1 تولہ۔ جند بید ستر 2 درم۔ رب السوس 3 درم۔ سلیخہ 3 درم۔ قسط تلخ 3 درم۔ فلفل سیاہ 3 درم۔ افیون 3 درم۔ میعہ 3 درم۔ زعفران 3 درم۔ سنبل الطیب 2 درم۔ دار فلفل 3 درم۔ شہد خالص دو چند ادویہ میں معجون بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک نخود سے 4 نخود تک روزانہ صبح و شام استعمال کریں۔ بے حد مفید ثابت ہو گی۔ کئی دفعہ کا آزمودہ ہے۔ بالکل بے خطا ثابت ہوئی ہے۔

(125) معجون جالینوس

یہ معجون جالینوس کی تالیف ہے اور سات فوائد کی حامل ہے۔

① اودیہ عضو تناسل کو تمام کمزوری سے پاک کر کے نہایت سخت کر دیتی ہے۔
② اودیہ منی کو کھولتی ہے۔
③ شہوت کو اس درجہ زیادہ کرتی ہے کہ بعض اوقات صبر و ضبط بھی ہاتھ سے جاتے

رہتے ہیں۔

④ پٹھوں کو قوت دیتی ہے۔
⑤ خون میں تغیر عظیم پیدا کرتی ہے۔
⑥ حد سے زیادہ نعوظ لاتی ہے۔
⑦ عورت کے دل میں مرد کی محبت اور دوستی پیدا کرتی ہے۔

نسخہ :۔ مروارید 1 مثقال۔ بسد 1 مثقال۔ بہمن 3 درم۔ کاکنج 1 درم۔ بیخ لفاح 1 درم۔ قشاء الحمار نیم مثقال۔ سعد 1 مثقال۔ کزمازج 1 مثقال۔ سلیخہ نیم مثقال۔ دارچینی نیم مثقال۔ اسارون نیم مثقال۔ مصطگی نیم مثقال۔ صمغ عربی نیم درم۔

کوٹ چھان کر شہد خالص ہم وزن ادویہ میں معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال : مجامعت کے وقت ایک مثقال گرم پانی سے کھائیں۔

(126) معجون مبہی

تقویت اعضائے رئیسہ میں بے مثل ہے۔ مولد منی محرک باہ ہے۔
حکیم صادق علی خاں کی بیاض خاص سے منقول ہے۔

نسخہ :۔ ثعلب مصری' شقاقل' قسط شیریں' تخم اسپست' تخم جرجیر' تخم گندر' خولنجان' زرنباد' سنبل الطیب' بہمنین ہر ایک ساڑھے بائیس ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی' تنیب گاؤ کوہی' مغز مرنجشک نر' کندر سفید مقشر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ زنجبیل' دار فلفل' کباب' بوزیدان' تخم ہلیون' تودریں ہر ایک 9 ماشہ۔ جوز ساڑھے تین ماشہ۔ مشک و عنبر ہر ایک 9 ماشہ۔

تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر تین گنا عصارہ انگور میں جو مویز کے ساتھ پکایا گیا ہو ملا کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ ساڑھے چار ماشہ علی الصبح گائے کے دودھ یا ماء اللحم کے ہمراہ استعمال کریں۔

(127) معجون مفرح

مالیخولیا اور وحشت کو دور کرتی ہے۔ دل کو قوت دیتی ہے اور نشاط پیدا کرتی ہے۔

نسخہ :۔ گل سرخ' سعد' ہر ایک 5 درم۔ قرنفل' بسباسہ' پوست ترنج' خرفہ' تخم فرنجمشک ہر ایک 3 درم۔ مشک 1 دانگ۔

کوٹ چھان کر شربت سیب میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک 3 سے 5 ماشہ تک۔

(128) مفرح جدید

دل کی تمام بیماریوں کو دفع کرتا ہے۔ جناب حکیم' ڈاکٹر سید علی اکبر صاحب چاند پوری تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے اس دوا کو طاعون کے مریضوں تک کو استعمال کرایا اور ان کو فائدہ ہوا۔ اس کے علاوہ خفقان غشی اور اختلاج وغیرہ کی عمدہ دوا ہے۔ دیگر مفرحات کے مقابلہ میں زیادہ مفید اور سستی ہے۔

نسخہ :۔ مربہ آملہ' مربہ سیب' گلقند' مربہ بلیلہ ہر ایک 2 تولہ۔ عرق گلاب' عرق کیوڑہ' عرق بید مشک ہر ایک آدھا پاؤ۔ میں جوش دیں۔ عرق میں شہد خالص شامل کرلیں۔ اس کے بعد طباشیر 2 تولہ۔ دانہ الائچی سفید 2 تولہ۔ صندل سفید 2 تولہ۔ زہر مہرہ خطائی 1 تولہ۔ مغز کدو' تخم خرفہ' کشنیز خشک' بہمن سفید' گل ارمنی ہر ایک ایک تولہ۔ گل گاؤزبان 9 ماشہ۔ گل سیوتی 9 ماشہ۔ تخم فرنجمشک 9 ماشہ کھرل کر کے ملا لیں۔ رونق کے لئے ورق نقرہ بھی شامل کر سکتے ہیں۔ سردی کے موسم میں زعفران اصلی 9 ماشہ بھی ملا لیں۔

مقدار خوراک :۔ 3 تا 5 ماشہ۔

(129) معجون سعال

مرطوب کھانسی کو فائدہ دینے میں مجرب ہے۔

نسخہ :۔ مغز چلغوزہ 3 درم۔ مغز پستہ 5 درم۔ مغز بادام مقشر بزرگ 10 درم۔ قند سفید 30 درم۔ بدستور معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ 1 تا 3 تولے تک۔

(130) معجون رب السوس

ورم کے لئے فائدہ مند ہے۔ بدن کو غلیظ رطوبت اور پیپ سے پاک کرنے میں مجرب ہے۔ حکیم علی کی بیاض خاص کا نسخہ ہے۔

نسخہ :۔ راوند مدحرج' تخم انجرہ' تربد' فلفل' مغز بادام تلخ' حب الرشاد' زوفائے خشک' پرسیاؤ شاں' رب السوس ہر ایک 2 تولہ۔ کوٹ چھان کر عسل کف گرفتہ کی مدد سے معجون تیار کریں

ترکیب استعمال :۔ تین درم سے لے کر چار درم تک کھائیں۔ اس کے بعد خیرو بنفشہ 3 درم سے لے کر چار درم تک کھائیں اور خیرو گرم پانی میں حل کر کے پئیں۔

(131) معجون قولنج

مقوی معدہ ہے۔ قولنج کے واسطے ازحد مفید اور ملین طبع ہے۔

نسخہ :۔ مویز منقیٰ نیم رطل۔ مصطگی 6 درم۔ تربد موصوف 10 درم۔ زنجبیل 1 درم۔

شربت گلاب (جلاب) مقوری ملائیں۔

مقدار خوراک :- 5 درم۔

معجون بقراط (132)

مشہور یونانی طبیب حکیم بقراط کا کامیاب ترین نسخہ ہے۔

تقویت معدہ و جگر اور قطع بلغم خام میں مفید ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ درد معدہ کو روکتی ہے اور پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہے۔ ریاح غلیظہ کو تحلیل کرنے میں نافع ہے۔ بقراط کہتا ہے کہ میں نے جس شخص کو بھی یہ معجون استعمال کرائی۔ علاوہ امراض مذکورہ میں فائدہ مند ہونے کے قوت باہ اس قدر پیدا کی کہ 10 عورتوں پر اقتدار پایا۔

نسخہ : تخم کرفس 10 درم۔ انیسون 10 درم۔ تخم گزر 10 درم۔ تخم شبت 10 درم۔ زرواوند 2 درم۔ مصطگی 1 درم۔ قرنفل 1 درم۔ عاقرقرحا 1 درم۔ عود خام 1 درم۔ کوٹ چھان کر عسل مصفی سہ وزن ادویہ میں قوام کر کے معجون تیار کریں اور پھر استعمال میں لائیں۔

مقدار خوراک :- دو مثقال۔

پرہیز :- ثقیل اور بادی اشیاء سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

معجون مشک (133)

درد جگر، ضعف معدہ اور برودت معدہ کو نافع ہے۔ سدوں کی تنقیح کرتی ہے اور ریاح بلغ کو تحلیل کرتی ہے۔

مشک، تج، سنبل الطیب، ساذج ہندی، لک مغسول، ریوند چینی، جنطیانائے رومی ہر ایک دو درم، زعفران، اجوائن، تخم کرفس، مصطگی ہر ایک 3 درم، عود ہندی نیم درم۔ ان سب اجزاء کو کوٹ چھان کر شہد کف گرفتہ میں ملا کر معجون تیار کریں اور بوقت حاجت استعمال میں لائیں۔

مقدار خوراک :- برابر ایک باقلا ہمراہ آب گرم۔

معجون قسط (134)

معدہ اور جگر کے درد کو فائدہ دیتی ہے۔

دارچینی، قسط تلخ ہر ایک 7 درم۔ انیسون، تخم کرفس، اسارون ہر ایک 3 درم۔
کوٹ چھان کر شہد خالص میں معجون بنائیں۔

مقدار خوراک :- 1 مثقال۔

معجون جالی (135)

اطبائے ہند کی مجرب اور معمول ہے۔ بھوک، تقویت معدہ و گردہ اور افزائش منی و باہ

کے لئے بے حد مفید ہے۔

قرفہ، سنبل الطیب، قرنفل، دارچینی، قاقلہ ہر ایک 2 درم۔ انیسون، تخم کرفس ہر ایک 1 مثقال۔ زیرہ کرمانی مدبر، مقل، مصطگی، نعناع ہر ایک نیم مثقال۔ فلفل 2 مثقال بدستور معجون بنائیں اور روزانہ دو دو درم استعمال کریں۔

معجون گلنار (136)

پیشاب کے بار بار آنے میں نافع ہے۔

نسخہ : گلنار 10 درم۔ کندر، بلوط ہر ایک 20 درم۔ سعد، کہربا ہر ایک 5 درم۔
کوٹ چھان کر شہد خالص کی مدد سے معجون بنائیں۔

مقدار خوراک :- 1 مثقال۔

پرہیز :- ثقیل اور بادی نیز گڑ تیل کی اور کھٹائی کی اشیاء سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔
ایک ماہ کے استعمال سے مکمل فائدہ ہوتا ہے۔

معجون نوری (137)

صفرا اور بلغم کو دستوں کی راہ خارج کرتی ہے۔

سقمونیا، تخم معصفر ہر ایک 10 درم۔ مغز بادام شیریں 5 درم۔ شکر طبرزد 25 درم۔
زعفران ساڑھے تین ماشہ حسب دستور معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک :- 1 مثقال۔

معجون خستہ انبہ (138)

اسہال معدی کے دفع کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔

نانخواہ، دانہ الائچی سفید، موچرس، سعد کوفی، پلکوری، صمغ عربی بریاں، کشنیز خشک ہر ایک 2 درم۔ مغز خستہ انبہ 4 درم۔
قند سفید دو چند میں معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال :- دو مثقال یہ معجون لے کر شیرہ بادیان بریاں ایک درم اور زیرہ سیاہ بریاں ایک درم شامل کریں اور استعمال میں لائیں۔ نہایت مفید ہے۔

معجون خبث الحدید (139)

پیشاب کی زیادتی اور سرعت انزال کے لئے نفع بخش ہے۔

خبث الحدید مدبر 40 درم۔ بلوط 10 درم۔ گلنار 10 درم۔ کندر، طباشیر 10 درم۔ تخم لسب 3 درم۔ بلیلہ سیاہ 4 درم۔ شہد خالص سہ وزن ادویہ میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک مثقال سے 2 مثقال تک۔

نوٹ: یہ نسخہ اطبائے قدیم کا معمول رہا ہے اور انتہائی نفع بخش معجون ہے۔

(140) ماء العسل

فالج، لقوہ اور تقویت معدہ اور باہ میں ازحد مفید ہے۔ عسل خالص 1 سیر، آب صاف 2 سیر۔ ان دونوں کو ملا کر ہلکی آنچ پر جوش دیں اور کفگیر چلاتے رہیں۔ جب 2 سیر رہ جائے۔ اتار کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح دوپہر شام استعمال کرائیں۔ مریض جب بھی پانی کا تقاضا کرے تو ایسے ہی پلائیں۔

(141) مربائے گزر

دل کو طاقت دیتا ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے۔ ریح کو خارج کرتا ہے۔ نزلہ کو روکتا ہے۔ کھانسی کے لئے مفید ہے اور مقوی باہ ہے۔ بڑی بڑی گاجریں لے کر پانی میں ڈالیں اور ان کو چھیل کر ریزہ ریزہ کریں۔ اس کے بعد پانی میں جوش دیں تاکہ گل جائیں پھر پانی میں سے نکال کر صرف شہد ڈال کر ایک دو جوش دیں۔ اور آگ سے اتار کر رکھ دیں۔ بعد چالیس روز کے کام میں لائیں۔

مقدار خوراک: دو تولہ ہمراہ عرق گاؤزباں مصری ملا کر کھائیں۔

(142) مرہم آتشک

آتشک کو دور کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

زنگار، سیماب، موم سفید ہر ایک 1 تولہ۔ روغن گاؤ آدھا پاؤ۔

دستور کے مطابق مرہم بنا کر استعمال کریں۔

(143) مرہم سفید آب

کھجلی اور آبلے کو مفید ہے۔ آگ سے جلے ہوئے عضو کو نافع ہے اور مجرب ہے۔

روغن گل 24 درام۔ موم سفید 6 درام۔ سفیدہ کاشغری 12 درام۔ سفیدی بیضہ مرغ 6 عدد۔ کافور 2 درام۔

اول موم کو روغن میں چرب کریں اور آگ پر سے اتار لیں۔ دوسری دوائیں حل کر کے ڈالیں اور آخر میں سفیدی بیضہ مرغ ملا دیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں۔

(144) مرہم سیاہ

ان زخموں کے لئے جو مندمل نہیں ہوتے یا بدشواری مندمل ہوتے ہیں۔

موم، روغن زیتون، علک الانباط، زفت ہر ایک 2 تولہ۔

بدستور معروف مرہم بنا کر استعمال کریں۔

متفرق نسخہ جات

(145) مہاسوں کا آسان علاج

آمد شباب کے وقت چہرہ پر سرخ رنگ کے دانے نکل آتے ہیں۔ بعض اوقات پیپ بھی پڑ جاتی ہے جس کی وجہ سے نہ صرف تکلیف اٹھانی پڑتی ہے بلکہ چہرہ بدنما بھی ہو جاتا ہے۔ ہم اس کے لئے ایک نہایت آسان اور زود اثر نسخہ آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

برگ نیم بیخ سوسن، پوست سرس دونوں پیس کر چہرہ پر طلا کریں۔ چند روز کے استعمال سے فائدہ ہو گا۔

(146) بخار کا علاج

یہ نسخہ حکیم واصل خاں مرحوم برادر بزرگ جناب مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں کے مطب کا مجرب اور معمول ہے۔

گل بنفشہ، بادیان دونوں 7 ماشہ۔ مویز منقی 9 دانہ۔ عناب 5 دانے۔ سناء مکی ڈیڑھ ماشہ۔ تخم کاسنی 7 ماشہ۔

ترکیب استعمال: سب دواؤں کو پانی میں جوش دے کر نبات سفید 2 تولہ ملا کر پئیں۔

(147) صفراوی بخار کا علاج

حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں مرحوم کا معمول و مجرب ہے۔ صفراوی بخار اس کے استعمال سے جاتا رہتا ہے۔

لعاب بہیدانہ 3 ماشہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر 3 ماشہ۔ لال آلو بخارا 5 عدد۔ عرقیات بادیہ 7 تولہ نکال کر شربت بنفشہ 4 تولہ میں خاکسی 7 ماشہ چھڑک کر پلائیں۔

(148) تپ محرقہ کا علاج

حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب مرحوم کا معمول و تجربہ ہے۔

زیرہ سفید 1 تولہ۔ گلو نیب 1 تولہ رات کو پانی میں تر کریں۔ صبح کو آب زلال لے کر نبات سفید ملا کر پی لیں۔

(149) کھانسی و بخار کا نسخہ

حاذق الملک حکیم عبدالمجید خان صاحب مرحوم کا معمول ہے۔ کھانسی و بخار کو فائدہ کرتا ہے۔

عرق مہستاں 2 تولہ۔ ہمراہ شیرہ عناب 5 دانہ۔ عرق گاؤزباں 6 تولہ۔
عرق عنب الثعلب 4 تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ ملا کر اور خاکسی چھڑک کر پلائیں۔

(150) نزلہ حار کا نسخہ

اشرف الاطباء حکیم نواب جان خاں تلمیذ و جانشین عمدۃ الحکماء معتمد الملک حکیم احسن اللہ خاں مرحوم طبیب شاہی وزیر اعظم بہادر شاہ ظفر کا معمول و مجرب ہے۔ سونے کا ساگہ یہ کہ اجزاء بہت کم۔

عرق شیر 12 تولہ۔ شربت نیلوفر 4 تولہ میں ملا کر پئیں۔

(151) درد سر کا علاج

عموماً درد سر کی جتنی دوائیں ہیں وہ قلب کو کمزور کر دیتی ہیں لیکن یہ دوا جو ہم آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ سب سے بڑی یہ خوبی رکھتی ہے کہ قلب کو ضعیف نہیں کرتی اور نہ ہی کوئی مضر ہے۔

صندل سفید 9 ماشہ۔ زہر مہرہ 9 ماشہ۔ گل ارمنی 6 ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ساڑھے چار ماشہ۔ اسپرین ڈیڑھ تولہ پیس چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک :۔ بڑے آدمی کو 6 رتی۔

(152) کان کے درد کا علاج

اس دوا کے استعمال سے کان کا درد فوراً رفع ہوتا ہے۔ جس وقت کان میں درد ہو تو افیون کو پان کے عرق میں گھس کر کان میں ڈالیں۔ درد کافور ہو جائے گا۔

(153) کان کے درد اور زخم کی دوا

یہ دوا کان کے درد اور زخموں کے لئے ازحد مفید ہے۔

مرکی 1 مثقال' کندر 3 مثقال۔ فقروں 3 مثقال۔ زعفران 3 مثقال۔ عصارہ خشخاش تین مثقال۔ بہروزہ 2 مثقال۔ بادام مقشر 20 دانہ۔

ان سب دوائیوں کو پیس کر سرکہ میں گوندھیں اور قرص تیار کریں۔

ترکیب استعمال : اگر کان میں درد ہو تو گھول کر ٹپکائیں اور اگر کان میں گرانی ہو تو سرکہ میں حل کر کے ٹپکائیں۔

(154) ورم جگر کا آسان نسخہ

ورم جگر کے لئے مسیح الملک ثانی جناب حکیم محمد احمد خان کا معمول و مجرب ہے۔

برگ کسونڈی 1 تولہ۔ قلفل سیاہ دانہ باریک پیس کر پئیں۔ چند روز کے استعمال سے ورم جگر کو فائدہ ہو جائے گا۔

پرہیز :۔ ہمہ اقسام غذا۔

غذا :۔ مونگ کی دال کا پانی یا قلیہ چپاتی۔

(155) یرقان کا کامیاب نسخہ

معتمد الاطباء عالی جناب حکیم محمد ہاشم جان صاحب کیف دہلوی شریف خانی کا تجویز کردہ ہے۔ یرقان کو رفع کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

تخم کاسنی 1 تولہ۔ چنڈال ڈوڈہ 1 تولہ۔ سورنجان شیریں 7 ماشہ پانی میں تر کریں۔

ترکیب استعمال : صبح کو جوش دے کر شربت بزوری 4 تولہ ڈال کر استعمال کریں۔ غذا میں شوربہ چپاتی رکھیں۔

(156) ضعف قلب کی دوا

یہ دوا ضعف قلب کو دور کرتی ہے۔ کئی مرتبہ آزمائش کے طور پر دی گئی۔ ہمیشہ فائدہ بخش ثابت ہوئی۔

طباشیر کبود 5 تولہ۔ الائچی سفید 5 تولہ۔ کشنیز خشک 5 تولہ۔ کہربا 5 تولہ۔ زہر مہرہ 5 تولہ۔ نارجیل دریائی 3 تولہ۔ کشتہ عقیق 2 تولہ۔ کشتہ مرجان 1 تولہ۔ ورق نقرہ 1 تولہ کوٹ چھان کر غبار کی طرح سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ بقدر 2 ماشہ رب بہی میں ملا کر صبح و شام چٹائیں۔

(157) برائے درد اعصاب

جوڑوں کے درد کے لئے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ کئی دفعہ آزمایا گیا۔ ہمیشہ تیر بہدف ثابت ہوا۔

سورنجان شیریں 2 درم۔ رازیانہ 2 درم۔ پوست بیخ رازیانہ 2 درم۔ تخم کرفس 2 درم۔ اسطوخودوس باریک 2 درم۔ پرسیاؤ شاں 3 درم۔ گاؤزباں 3 درم۔ بادرنجبویہ 3 درم۔ گل سرخ 4 درم۔ بلیلہ زرد 4 درم۔ سناء مکی 7 درم کو جوش دیں۔

ترکیب استعمال: صاف کر کے گلقند 10 مثقال۔ ترنجبین 2 مثقال اس میں حل کر کے صبح نوش کریں۔

(158) بچہ کی پیاس کا نسخہ

وہ اصحاب جن کا بچہ ابھی شیر خوار ہے اور خدانخواستہ اس مہلک مرض میں گرفتار ہے تو ان کو مسیح الملک حکیم اجمل خاں مرحوم کا یہ نسخہ استعمال کرانا چاہئے۔ انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

زہرمہرہ 1 ماشہ۔ طباشیر 1 ماشہ دونوں کو باریک پیس کر شربت بنفشہ 9 ماشہ میں ملا کر بچہ کو پیاس کے وقت چٹائیں۔

کتاب میں درج اوزان کی تشریح اور وضاحت

اوزان	تشریح
ستاور	ایک تولہ آٹھ ماشہ دو رتی لیکن شیخ بو علی سینا کے قول کے مطابق 1 تولہ دس ماشہ 6 رتی کے برابر ہے۔
اوقیہ	دو تولہ نو ماشہ 6 رتی۔
باقلا	1 ماشہ 6 رتی۔
تولہ	بارہ ماشہ۔
ٹانک	4 ماشہ۔
حب	دو جو۔
[illegible]	ساڑھے دس ماشہ۔
دام	14 ماشہ۔
دام چٹہ	اکیس ماشہ۔
دانگ	6 رتی۔
درم	عربی میں درہم کہتے ہیں۔ ساڑھے تین ماشہ۔
رطل	جہاں صرف رطل لکھا ہو وہاں اس سے مراد رطل بغدادی ہے جس کا وزن 33 تولہ 9 ماشہ کے برابر ہے۔
سیر شاہجہانی	شاہجہانی' دہلی میں چھبیس تولہ 3 ماشہ برابر مستعمل ہے۔
سیر شاہی	اکیس ماشہ۔
سیر اکبری	باون تولہ 6 ماشہ۔
سیر عالمگیری	ستتر تولہ (77)
سیر فرخ شاہی	چوراسی تولہ۔
سرخ	پاکستان اور ہندوستان میں رتی کے نام سے مشہور ہے۔
قیراط	تین رتی۔
ماشہ	آٹھ رتی۔
مثقال	ساڑھے چار ماشہ۔
من طبی	سرسٹھ تولہ چھ ماشہ۔
من تبریزی	دو سو چھپن تولہ۔
من ہندی	چالیس سیر۔
من رومی	ستاون تولہ۔

طبی مطبوعات

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
تشخیص الامراض	125/=	ہندوپاک جڑی بوٹیوں کی عجیب و غریب فوائد مع رنگین تصاویر (پانچ جلدیں)	200/=
ہندوپاک کی جڑی بوٹیاں رنگین تصویروں کے ساتھ	125/=	لقمانی گائیڈ	75/=
مخزن المرکبات و مطلب دواسازی	125/=	مجربات لقمانی	75/=
مخزن الجواہر طبی و ڈاکٹری لغت	300/=	مجربات فخر الاطباء	40/=
مخزن حکمت (گھر کا ڈاکٹر و حکیم)	600/=	علم الادویہ اول ۴۰ دوم ۴۰	80/=
بیاض اجمل تجویز و تشخیص	75/=	مقدمہ علم الادویہ	75/=
کتاب النبض	40/=	تشریح المفاصل	75/=
مطب عملی مسیح الملک حاذق	75/=	[illegible] اعضاء	125/=
مطب شریفی	20/=	[illegible] میڈیکل پریکٹیشنرز	50/=
اکسیری نسخے	[illegible]	[illegible] ڈکشنری انگریزی سے اردو	25/=
طبی نسخے	[illegible]	[illegible] (پیتھالوجی)	30/=
بیاض مسیح الملک حکیم اجمل خاں	[illegible]	[illegible] علاج ہے	15/=
قرابادین اعظم	[illegible]	[illegible] سنت تعلیمات نبوی کی روشنی میں	15/=
مجربات بوعلی سینا	[illegible]	[illegible]	100/=
نیو میڈیکل ڈکشنری انگریزی سے اردو	[illegible]	[illegible] عربی ریڈر	50/=
منافع الاعضاء فزیالوجی	80/=	جنسیات کی پہلی کتاب	25/=
ہاڈی (تشریح البدن)	60/=	جنسی امراض کا علاج	90/=
علم الولادت مڈوائفری	75/=	دقائق الکلیات	100/=
حفظان صحت (ہائی جین)	60/=	کنز التشخیص	25/=
حمایت قانون	75/=	تحفظی و سماجی طب	100/=
طب قانونی و علم سموم	40/=	علم ال[illegible]	100/=
امراض نسواں	100/=	کلیات امور طبعیہ	60/=
کلیات ادویہ	100/=	نظام اعصاب	150/=
امراض اذن و انف و حلق ENT	75/=	نئی جوانی کنور کرشن دت شرما	25/=
[illegible] الکیمیا حکیم محمد اسماعیل	20/=	جراحت صغیرہ	20/=
کنز المرکبات حکیم محمد عبداللہ	100/=	آئینہ امراض اطفال حکیم محمد رفیق حجازی	50/=

اعجاز پبلشنگ ہاؤس۔ ۲۸۶۱، کوچہ چیلان، دریا گنج نئی دہلی۔ ۲